No. 8

THE

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

# PROCEEDINGS
# OF
# THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE HELD IN CAMERA TO CONSIDER THE QADIANI ISSUE

## OFFICIAL REPORT

*Wednesday, the 21st August, 1974*

**(Contain Nos. 1—21)**

## CONTENTS


| | | Pages |
|---|---|---|
| 1. | Letters from Qadiani Groups *Re:* Supply of Tapes and Advance Notices of Question in Cross-examination | 988-990 |
| 2. | Procedure *Re:* Verification of Quotations | 990-992 |
| 3. | Suggestion *Re:* Meeting of the Steering Committee | 992 |
| 4. | Secrecy of the Proceedings | 992-993 |
| 5. | Cross-examination of the Qadiani Group Delegation | 993-1028 |
| 6. | Time for Cross-examination | 1028 |
| 7. | Attendance in the Committee | 1028-1030 |
| 8. | Cross-examination of the Qadiani Group Delegation—*(Continued)* | 1030-1100 |



PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD.
PUBLISHED BY THE NATIONAL BOOK FOUNDATION, ISLAMABAD.

No. 8

THE

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

---

# PROCEEDINGS
# OF
# THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE HELD IN CAMERA TO CONSIDER THE QADIANI ISSUE

---

## OFFICIAL REPORT

---

*Wednesday, the 21st August, 1974*

---

(Contain Nos. 1—21)

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

## PROCEEDINGS
## OF
## THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE

*Wednesday, the 21st August, 1974*

The Special Committee of the whole House met in Camera in the Assembly Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at Half past five of the clock, in the after noon, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair

## RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

(سورة:)

[ترجمہ:

# LETTERS FROM QADIANI GROUPS *RE:* SUPPLY OF TAPES AND ADVANCE NOTICES OF QUESTIONS IN CROSS-EXAMINATION

**Mr. Chairman :** Before they are called, two letters have been addressed to the secretary, National Assembly, by Mirza Mansur Ahmed, Nazir-e-Aala, Sadar Anjumane, Ahmadiyya Pakistan, Rabwah. One for the supply of the tape, and the other. I will read it.

Of the tape, that. I have refused in any Chamber. At present it cannot be granted to any person because our proceedings are confidential.

The House agrees with me?

**Members :** Yes.

**Mr. Mohammad Haneef Khan :** Sir, you used the words 'at present'. I think, not at present, the tape of the Assembly commit be granted at any time.

**Mr. Chairman :** At any time. The order is that this time this request commit be Conceded.

**Prof Ghafoor Ahmad :** Even proceedings should not be given. Not only the tapes.

**Mr. Chairman :** The proceedings shall be given only to the honourable members, which are ready, which yesterday. I said that they can collect the proceedings.

The Second letter, the operation portion. I need in the House :

> "in any opinion, to facilitate the matter and the assist the Committee in reaching a just conclusion, which the Committee so earnestly desires and also in order to be fair to the parties concerned, it would be advisable if the written questions and given in advance and their answers submitted in writing. As a result of our experience in the first session in the Committee, we sincerely believe that had this procedure been adopted earlier, it would have



> saved a lot of valuable time of the House. After all, it is not a criminal proceedings or an ordinary legal cross examination of a accused, a individual or a party. The Committee is studying a many serious matter involving religious beliefs of millions of people if in a grave moment and only in the history of Pakistan but also in the history of Islam. I would, therefore, be grateful if you please convey our request to the Steering Committee. I am sure, the Committee, realizing the gravity and the seriousness of the issue, would grant our request."

I would live to hear the Attorney-General.

**Mr. Yahya Bakhtiar :** (Attorney-General of Pakistan). Sir, the Delegation has come to the Assembly at then own request. They wanted to be heard. If they wanted to be heard, then they will be present have and we will and question to elaborate certain points. Now, it is impassible to send questions in advance because, whenever we ask a question there are five, six, ten supplementaries for clarification. That would mean that whatever supplementary question I ask, that have to be given to then in writing. You will give time after that and they will submit written reply. If the written replies were to be taken form then, then they world not have come at all. We could have sent a number of questions as interrogatory, which they could have answered from Rabwah. But the point was than that they should clarify the position. And it is not possible it is physically impossible. Point as far as the hearing in concerned, Sir, I am the first person to give them as much time as they wanted.

Now we are at the fag end of this examination. Whenever they wanted more to answer any question, they have bee given the time by you and by the house. There was a break of Days. About fifteen questions they prepared, and answered those yesterday. So, I think, this is not a reasonable question nor is it practicable.

**Mr. Chairman :** Now, I think, most of the questions are over and the supplementaries are going on.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Only on three subjects. And, about every subject, I tell them in advance. That about Akhand Bharat, I am going to ask a few questions; about 'their Separatism' I am

going to ask a few questions; About 'Jehad' I am going to ask a few questions; about 'Khatme-Nabooat' I am going to ask a few questions and thy know the subject.

**Mr. Chairman :** So, is the House of the opinion that request also cannot be granted?

**Members :** Yes.

**Mr. Chairman:** Unanimous.

Any thing else?

They may be called. Yes, they may be called.

Just a minute.

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: جناب والا! ایک چیز میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اوپر باہر بٹھا دیں۔

جی۔ مولانا ظفر احمد انصاری!

---

PROCEDURE *RE:* VERIFICATION OF QUOTATIONS

جناب محمد ظفر احمد انصاری: بہت سے ممبر صاحبان بار بار یہ کہتے ہیں کہ بہت دیر ہو رہی ہے۔ دیر یقیناً ہو رہی ہے۔ لیکن یہ کہ جب ہم نے ایک دفعہ یہ کام شروع کر دیا ہے تو پھر اس کو کسی ایسے مرحلے پر چھوڑنا بہت غلط ہو گا اور ہمارے مقصد کے لئے مضر ہو گا۔

ایک تجویز یہ میرے ذہن میں ہے کہ ہم کسی موضوع پر چار، پانچ، چھ quotations ان کے ایک دفعہ پڑھ دیں اور ان سے یہ کہیں کہ وہ اس کو admit کرتے ہیں یا نہیں کرتے۔ اس وقت کوئی explanation وغیرہ نہ لیں۔ اگر وہ admit نہیں کرتے تو ہم کوشش کریں کہ ہم اوریجنل پروڈیوس کریں بہرحال، ہماری کوشش۔۔۔



جناب چیئرمین: اگر آپ اوریجنل پروڈیوس کریں تو بڑا easy ہوتا ہے۔ جب آپ حوالہ دیتے ہیں، وہ کہتے ہیں ''ہم دیکھیں گے، چیک کریں گے، verify کریں گے۔''

Beause this is good۔

---

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: ٹھیک ہے۔ لیکن جو چیزیں ہمارے پاس یہاں موجود ہیں ان کو تو، پہلے تو ہم یہ سوال انہی سے کریں کہ ''آپ اس کو admit کرتے ہیں یا نہیں؟ یعنی مطلب یہ کہ جیسے ''جہاد'' کے موضوع پر اگر سات آٹھ تحریریں ان کو پڑھ کر کے بتا دیں کہ ''یہ ہے، آیا انہوں نے لکھا ہے یا نہیں لکھا'' ؟ اور اگر وہ admit کرلیں، پھر explanation کے لئے اور سپلیمنٹری کے لئے وہ وقت لے سکتے ہیں۔

**Mr. Chairman:** Yesterday, I observed in the House.......

مولانا صاحب! آپ سن لیں ذرا۔ یہ بھی میں نے آبزرویشن کی تھی not on this بلکہ I consulted the Attorney-General, Now almost the hawala jat (حوالہ جات) are over. اب جو حوالہ جات ہیں، ان کا جواب اگر وہ فائل کر دیں گے تو that will be read as part of the evidence اگر explanation ہے، مختصر دے دیں۔ And now very few hawala jat have remained.

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: جناب والا! ابھی کئی موضوع ایسے ہیں۔ جیسا کہ اٹارنی جنرل نے فرمایا ہے کہ ''اکھنڈ بھارت'' کے متعلق کچھ پوچھنا ہے، مسلم ممالک کے متعلق ان کا جو attitude ہے، جہاد کے متعلق جو کچھ ہے، اور مسلمانوں سے ہر چیز میں جو مختلف ہیں، اس کے سارے میں۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں، آپ سوال پوچھتے جائیں، ہم یہ کوشش کریں گے کہ اس کو یہ جتنی جلدی ختم ہو سکے۔ Definitely, now the object is-we are meeting in

the morning, the objects to expedite the matter and finish it as early as we can.

اچھا جی!

---

## SUGGESTION *RE:* MEETING OF THE STEERING COMMITTEE

پروفیسر غفور احمد: جناب والا! میرا ایک suggestion یہ ہے کہ ہم سٹیرنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ بھی اب بلا لیں تا کہ پروگرام finalize کر دیں۔

**Mr. Chairman:** That is very necessary. I think, let the law Minister come. He promised to come at 7.30 after Maghib prayers. Then we can fix a time.

This is my...... میں چاہتا ہوں کہ کل full day utilize ہو۔ مارننگ ایوننگ

کل شام کو جب نو بجے ختم کریں، ساڑھے نو، then Steering Committee should go into sesson and review the progress and give a decision. And........

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: جی، بیٹھیں گے جی۔ لاء منسٹر صاحب آ جائیں تو پروفیسر صاحب! آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، and decide the matter and tell me.

They may be called.

ایک منٹ ٹھہر جائیں۔

ڈاکٹر محمد شفیع!

---

## SECRECY OF THE PROCEEDINGS

ڈاکٹر محمد شفیع: یہ proceedings جو ہیں یہ secret ہیں ہاں جی؟



جناب چیئرمین: جی، secret ہیں۔

ڈاکٹر محمد شفیع: وہ دروازہ کھلا رہتا ہے، اور وہاں کوئی سنتا رہتا ہے، constantly۔

جناب چیئرمین: سیکرٹری سے یہ چیک کر کے بتائیں who is the person Messenger clerks ہیں۔ He is either یہ غلط طریقہ ہے۔

**Malik Muhammad Akhtar:** Wanted to say something اچھا

Yes, they may be called.

ملک محمد اختر: لگے آں، دیکھو کتھے پہنچاؤندے نہیں۔

جناب چیئرمین: ملک صاحب دیر سے آئے ہیں آج، کافی دیر سے۔

بلائیں، بلائیں۔

سارجنٹ ایٹ آرمز کو کہیں کہ یہاں، وہاں، ان دروازوں پر، ان دروازوں پر، کسی دروازے پر بھی نہیں ہونا چاہیے۔

*(The Delegation entered the Chamber.)*

**Mr. Chairman:** Yes, Mr. Attorney-General.

---

## CROSS-EXAMINATION OF THE QADIANI GROUP DELEGATION

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں؟ کوئی بات رہ گئی ہو؟

مرزا ناصر احمد (گواہ سربراہ جماعت احمدیہ ربوہ): ایک تو کل آپ نے فرمایا تھا وہ کونسا اختیار ہے۔۔۔۔

یہ ''الفضل'' کے متعلق کچھ چیک کرنا تھا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: ...... 1916ء کا ہے۔ وہ اگر ...... میں اس واسطے صرف تکلیف دے رہا ہوں کہ پوری طرح یاد نہیں ناں رہتا۔ جو مجھے یاد ہے وہ یہ ہے کہ 1916 میں حضرت خلیفہ ثانی نے جو تفسیر کی ہے یا جو مطلب بیان کیا ہے ''خطبہ الہامیہ'' کی اس عبادت کا، وہ اس سے مختلف ہے یا اس کے مطابق ہے جو میں نے کل بیان کیا تھا؟ تو اس اخبار میں حضرت خلیفہ ثانی کا کوئی بیان نہیں، کوئی خطبہ یا تحریر نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ کسی کتاب میں بھی ہے، وہ پھر میں آپ کو لا دوں گا، بعد میں۔

اور تو کوئی نہیں؟

مرزا ناصر احمد: اس کے علاوہ؟

جناب یحییٰ بختیار: کسی اور پرچے میں نہیں ہے کسی اور تاریخ میں؟ کوئی ایسا آئیڈیا نہیں ہے آپ کا؟

مرزا ناصر احمد: یہ بڑے ادب کے ساتھ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کل جو مجھ پر الزام لگایا گیا۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! میں نے کوئی الزام نہیں لگایا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میری بات تو سن لیں۔ اس لئے جو سوالوں کے متعلق حوالے چاہئیں اسے معزز اراکین، جو چاہیں، خود تلاش کریں، اور ہمیں آپ صرف یہ پوچھیں ''یہ حوالہ ہے، اس کا مطلب کیا ہے؟'' ہماری طرف سے...... ہم پر یہ بوجھ نہ ڈالیں کہ آپ کے لئے ہم حوالے تلاش کریں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ ٹھیک ہے۔ میں ابھی یہی کروں گا کہ اگر آپ کہیں کہ اس حوالے کا آپ کو علم نہیں ہے تو کافی ہے۔



مرزا ناصر احمد: صرف جو حوالہ آپ کہیں کہ ''فلاں کتاب میں ہے'' اسی تاریخ کے متعلق میں بات کروں گا، ایک دن پہلے اور ایک دن بعد کی بھی بات نہیں کروں گا۔ آپ۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ ٹھیک ہے۔ مرزا صاحب! بات یہ ہے، یہ جو حوالہ جات ہیں، کچھ اخباروں میں، کچھ رسالوں میں، کچھ کتابوں میں re-produce کر کے کتابت کی غلطی ہو جاتی ہے، اور ممبر صاحب کہیں سے اٹھا کے مجھ سے سوال پوچھتے ہیں، تو وہ میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ بعض دفعہ کی تاریخ میں فرق دس دن کا۔ "21" کی جگہ "31" ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات سال کا فرق ہو جاتا ہے "51" کی جگہ...... تو ایسا ہو جاتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: تو جو پوچھنے والے ہیں، وہ ذرا محنت کر لیا کریں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، پھر وہ ان کے پاس نہیں ''الفضل'' آپ کے پاس ہے، ساری فائل، اور باقی ممبروں کے پاس ایسی فائل ہے ہی نہیں۔ اور زیادہ حوالہ جات ''الفضل'' کے ہیں۔ تو یہ ہمیں مشکل ہوتی ہے۔ باقی یہ ٹھیک ہے، اگر آپ کو نہیں مل رہا تو۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں نے تو صرف یہ عرض کی ہے کہ میں نے اپنی طرف سے نہایت دیانتداری کے ساتھ خود ہی اس بات کو تسلیم کر لیا تھا کہ ہم تلاش کریں گے۔ لیکن اس کا بدلہ مجھے یہ دیا گیا کہ بڑا نامناسب ایک اعتراض مجھ پر کر دیا گیا۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! مرزا صاحب!۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... تو اس واسطے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جو بوجھ آپ کا ہے وہ آپ اٹھائیں، جو ہمارا ہے وہ ہم اٹھانے کی کوشش کریں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! میں نے عرض کیا تھا کہ میں آپ کی دیانت پر شک نہیں کرتا ہوں۔ میرا خیال ہے، آپ نے وہ الفاظ سنے تھے۔ میں نے دو دفعہ یہ کہا کہ ''مرزا صاحب! میں آپ کی دیانت پر شک نہیں کرتا''۔ سوال یہ تھا کہ میں نے ایک سوال پوچھا اور آپ نے کہا کہ آپ اس کی تائید کرتے ہیں، نہ تردید کرتے ہیں۔ اس کے بعد جب میں نے حوالہ دکھایا تو آپ نے کہا کہ ''ہاں، ہم سے یہ منیر کمیٹی میں بھی پوچھا گیا تھا، ہم نے یہی جواب دیا'' تو میں نے اتنا عرض کیا کہ ''آپ کو یہ جواب معلوم تھا، حوالہ بھی معلوم ہونا چاہئے'' پھر آپ کیوں avoid کر رہے تھے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، مجھے...... میں نے یہ بتایا تھا کہ مجھے میرے ساتھی نے کہا۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے، وہ clarify ہو گیا، تو وہ بات تو ٹھیک ہو گئی کہ بات ریکارڈ میں اس قسم کی آئی تھی، آپ نے clarify کر دیا کہ ان کو معلوم تھا، آپ کو معلوم نہیں تھا۔

مرزا ناصر احمد: یہ ایک وہ لمبا ایک جواب ہے۔ وہ بھی ایک گزارش ہے ایک۔ یہ جب ہم چھ دن کے بعد...... جب یہاں ہو رہی تھی...... التوا ہو رہا تھا، recess جب ہو رہی تھی، تو اس دن شام کو آپ نے فرمایا تھا کہ میں کچھ سوال کروں گا کہ tendency ہے۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، separatist۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد:...... separatist اس سلسلے میں میں ایک طائرانہ نظر گزشتہ 90 سال پر ڈالنا چاہتا ہوں۔ اور وہ بڑی ایک مضبوط بیک گراؤنڈ ایک پس منظر ہو جائے گا۔ تو وہ ایک......صرف سنگ میل جہاں ہیں موٹی موٹی اہم باتیں...... تو اس کے بعد جو آدھا فقرہ، ایک فقرہ لے کے ایک سوال ہوتا ہے، اس کے سمجھنے میں آسانی ہو جائے گی۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! آپ درست فرما رہے ہیں۔ ایک مشکل یہ ہے کہ اگر آپ written reply پڑھ کے سنائیں گے اور آپ نے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: میں written، میں written reply پڑھ کے نہیں سناؤں گا، آپ نے مجھے منع فرما دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں نے کہا کہ وہ طریقہ نہیں ہے۔ کوئی حوالہ ایسا ہے تو ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: حوالہ ہی پڑھوں گا، باقی میں زبانی کہوں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: بات یہ ہے کہ میں نے کچھ حوالہ جات کی طرف آپ کی توجہ دلائی تھی، ان کی basis پر میں یہ کہہ رہا تھا کہ یہ impression ہے کہ آپ کے ہاں separaitism یا separatist tendency موجود ہے۔ اور آپ نے کہا تھا کہ اس کا جواب دیں گے۔ تو میں نے کہا کہ ایک دو باتیں اور بھی پوچھ لیتا ہوں آپ سے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جی، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار:...... کیونکہ اگر اسی پوائنٹ پر اب آنا ہے، تو پیشتر کہ آپ جواب دیں، آپ نے فرمایا کہ نماز کیوں نہیں پڑھتے۔ اس کی اپنی وجوہات ہیں...... باقی مسلمانوں سے...... تا کہ آپ کے ذہن میں رہے کہ کیوں ہم کہتے ہیں کہ آپ separatist ہیں۔ وہ ہو چکا ہے، اس لئے اگر آپ اس کو چھوڑ دیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ نہیں،۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار:...... Repeat نہیں کروں گا۔ پھر آپ نے فرمایا کہ کیوں احمدی لڑکی کی شادی ایک مسلمان لڑکے کے ساتھ نہیں کی جاتی۔ آپ نے کہا ''یہ پالیسی ہے، عقیدہ نہیں، کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ خوش نہیں رہتے''۔

مرزا ناصر احمد: یہ فقرہ میں نے پورا سنا نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں پھر repeat کرتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: یعنی احمدی کسی احمدی لڑکی کی۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ......شادی کس مسلمان سے یا غیر احمدی سے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، کسی احمدی لڑکی کی شادی کسی دوسرے فرقے سے تعلق رکھنے والے سے نہیں کی جاتی۔

جناب یحییٰ بختیار: ''ہم اجازت نہیں دیتے''۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: لفظی چیز ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......آپ نے وجہ اس کی یہ بتائی۔ میں نے پھر کہا کہ ''آپ کا عقیدہ ہے، کیا آپ نے اس پر کوئی آرڈر پاس کیا ہوا ہے؟ جو کہ عقیدہ کہیں، رول کہیں'' تو آپ نے کہا کہ ''نہیں، ہمارا تجربہ ایسا ہے کہ جس کی بنا پر وہ خوش نہیں رہتے''۔ اور پھر آپ نے مزید فرمایا کہ آپ کسی مسلمان سے یہ توقع نہیں رکھتے کہ شرع کے مطابق وہ اپنی بیوی کے حقوق پورے کرے گا جو ایک احمدی کر سکتا ہے۔ میں آپ کو repeat کرا رہا ہوں تا کہ غلط فہمی نہ رہے تو اس پر بھی زیادہ مزید بحث کی ضرورت نہیں، سوائے اس کے کہ ایک حوالہ دکھاؤں گا جس کے مطابق، میری رائے میں، یہ کوئی پالیسی نہیں ہے، یہ کوئی آپ اس وجہ سے نہیں کر رہے کہ کیونکہ آپ کا تجربہ تلخ ہے، بلکہ آپ کا آرڈر ہے، ایک قسم کا عقیدہ ہے، رول ہے، اس کی طرف توجہ دلاؤں گا، اور یہ بہت عرصے سے ہے یہ۔ اس پر بھی۔ تا کہ جب deal کریں اس سے۔ اس aspect پر ضرور کچھ کہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، میں پھر اس سے بھی زیادہ عرصے سے جو وہی چیز ہے اس کا جواب میں بتادوں گا، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہ میں کہہ رہا ہوں کہ۔۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: سو باقی جو ہیں وہ تو میں نے بتا دیئے آپ کو، جس sense میں آپ نے اپنے کو علیحدہ کرنے کی کوشش کی۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، بالکل نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ جو چیزیں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں ہاں، یعنی آ گیا، جواب آ گیا۔

جناب یحییٰ بختیار: جواب آ گیا ہے، میں اس بات کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں، آپ کی separatist tendency کس وجہ سے تھی، اتنے حوالے ہیں کہ ''وہ اور قوم ہے، تم اور قوم ہو، کیوں اس میں گھسنا چاہتے ہو؟'' وہ میں پھر نہیں repeat کروں گا جو ریکارڈ پر آ چکا ہے۔ آپ پھر بے شک تفصیل سے جواب دے دیں اس کا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں نے تو جواب دے دیا تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں ہاں، ٹھیک ہے، اس میں جانے کی ضرورت نہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: اب، مرزا صاحب! پیشتر اس کے کہ میں اس مسئلہ پر کچھ اور سوالات آپ سے پوچھوں، ایک چھوٹا پوائنٹ تھا۔ کل آپ نے ''الفضل'' 1946 ایک پرچہ 13 نومبر کا یہاں فائل کیا۔ اگر میں غلط نہیں سمجھا، تو آپ نے فرمایا تھا۔ کیونکہ سوال یہ تھا ''کہ کیا مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب نے اپنے ایک نمائندے کو ایک بہت بڑے انگریز آفیسر کے پاس بھیجا تھا اور ان کو کہا تھا کہ پارسیوں کی طرح اور عیسائیوں کی طرح ہمیں بھی علیحدہ نمائندگی دی جائے'' اس کے جواب میں آپ نے فرمایا کل کہ ''یہ اخبار موجود ہے، خطبہ موجود ہے۔ اس میں'' آپ نے کہا کہ ''ان دنوں میں۔۔۔''

مرزا ناصر احمد: میں نے بعد میں وضاحت کی تھی کہ ''دہلی کا سفر جہاں لکھا ہوا ہے۔۔۔''

جناب یحییٰ بختیار : ہاں وہی میں کہ رہا ہوں، آپ نے فرمایا کہ ''ان دنوں پارٹیشن کی باتیں ہو رہی تھیں کہ کونسا ڈسٹرکٹ آئے گا کونسا ڈسٹرکٹ جائے گا۔ گورداسپور میں 51% پاپولیشن تھی مسلمانوں کی، جس میں بہت زیادہ تعداد احمدیوں کی تھی اور سوال یہ تھا کہ یہ یہاں جائے گا یا وہاں جائے، احمدی کیا رول play کریں گے۔ ان حالات میں یہ خطبہ دیا گیا۔ پھر دہلی کا سفر ہوا اور وہ مسلم لیگ کی تائید سے وہ مطالبہ پیش کیا گیا''۔

ایک تو مرزا صاحب! اس چیز کا کوئی ذکر نہیں کہ پارٹیشن کی بات ہو رہی تھی، ڈسٹرکٹ کی بات ہو رہی تھی کہ پاپولیشن 51% ہے یا 49% تھی، جس سے پتہ لگے کہ یہ بیک گراؤنڈ تھا۔ میں آپ کو۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، Interim گورنمنٹ، وہ اسی کا تو ذکر ہو رہا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میرا خیال تھا کہ آپ اس میں کہتے ہیں کہ اس مضمون میں یہ چیز موجود ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، مضمون نہیں جی، میں پس منظر بتا رہا تھا۔

جناب یحییٰ بختیار : ہاں، وہ ٹھیک ہے، پس منظر ہو گا۔ میرا اپنا یہ خیال ہے کہ پس منظر نہیں تھا، یہ بعد کی بات تھی، نومبر 49 میں، مسلم لیگ اسی وقت شامل ہوئی تھی Interim گورنمنٹ میں، مگر گورنمنٹ کا ارادہ۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نومبر، 49 نہیں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، 46۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار : ......مگر گورنمنٹ کا اس وقت کا ارادہ، صاف معلوم نہیں تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مرزا بشیر الدین محمود صاحب نے اس وقت یہی کوشش کی کہ اگر انگریز کوئی فیصلہ مسلمانوں کے خلاف، مسلم لیگ کے خلاف دے گا تو وہ اسے اپنے خلاف



سمجھیں گے، قوم کے خلاف سمجھیں گے۔ بڑی واضح چیز ہے سامنے۔ جو چیز واضح ہے اس سے انکار نہیں کر سکتے۔ اور اس غرض کے لئے وہ وہاں سے چلے کہ وہ مسلمان جو مسلم لیگ میں نہیں۔ احمدی۔ جن کے بارے میں یہاں لکھا گیا کہ مسلم لیگ ان کو اپنے میں شامل نہیں کرتی تعصب کی وجہ سے یا کسی وجہ سے، اور کانگریس میں یہ شامل نہیں ہونا چاہتے۔ باقی بھی کچھ مسلمان تھے جو کہ مسلم لیگ میں نہیں تھے، بڑی بڑی پوزیشن کے لوگ تھے، آغا خان جیسے تھے۔ باقی آپ نے ذکر کیا اس میں، ان کو contact کیا تا کہ وہ برٹش گورنمنٹ پر واضح کریں کہ ان کا سب کا تعاون لیگ کے ساتھ ہے۔ یہ میں ٹھیک کہ رہا ہوں پوزیشن؟

مرزا ناصر احمد: جی، جی۔

جناب یحییٰ بختیار : اس بارے میں آپ نے مشورہ کیا مسلم لیگ سے، اس بارے میں، مسلم لیگ نے کہا کہ ٹھیک کر رہے ہیں۔

اس کے بعد دوسرا سوال آیا تھا۔ مرزا صاحب سے کسی نے پوچھا۔ یہ تو ٹھیک ہے آپ سفر پر گئے تھے۔ پھر وہ آگے کہتے ہیں:

''دوستوں نے لکھا ہے کہ وائسرائے پنڈت جواہرلال نہرو مسٹر جناح کے مشوروں کا ذکر تو اخباروں میں آتا ہے، آپ کا کیوں نہیں آتا۔ انہوں نے یہ نہیں سمجھا کہ وہ تو سیاسی جماعتوں کے نمائندے ہیں۔ وہ تو ان سیاسی جماعتوں کے نمائندے ہیں جنہوں نے باہمی فیصلہ کرنا تھا۔ اور ہم کسی سیاسی جماعت کے نمائندے نہیں بلکہ ہم اپنا اثر ڈال کر انہیں نیک رہ بتانے کے لئے گئے تھے۔ سیاسی جماعتوں کی نمائندگی نہ ہمارا کام ہے نہ گورنمنٹ یا کوئی اور یا کسی رنگ میں ہمیں بلا سکتا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ وہ ہم سے بھی مشورہ لے۔۔۔۔''

I think this is a different subject Muslim League had nothing to do with this part.

"......ہم سے بھی مشورہ لے، ہمارے حقوق کا بھی خیال رکھے۔ ہماری جماعت ہندوستان میں سات آٹھ لاکھ کے قریب ہے۔ مگر ہماری جماعت کے افراد اس طرح پھیلے ہوئے ہیں کہ ان کی آواز کی کوئی قیمت نہیں سمجھی جاتی لیگ ہمیں اپنے اندر شامل نہیں کرتی۔ کانگریس میں ہم شامل نہیں ہونا چاہتے۔ اس کے مقابلے میں پارسی ہندوستان میں تین لاکھ کے قریب ہیں لیکن حکومت کی طرف سے ایک پارسی وزیر سینٹر میں مقرر کر دیا گیا ہے اور ان کی جماعت کو قانونی جماعت تسلیم کر لیا گیا ہے حالانکہ ہماری جماعت ان سے دگنی بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے۔"

Sir, what I wanted to show you was that a separate demand is agitated have. And then after this, away from Muslims.........

**Mirza Nasir Ahmad:** No. Not away from the Muslims, apart from the Muslims.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Apart from the Muslims. Apart from the Muslims.

ممتاز کرلیں آپ ان کو، جیسے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، اگر...... جب آپ مجھے اجازت دیں گے تو میں اس کو explain کر دوں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اس واسطے میں کہتا ہوں کہ آپ نے جو بات کی وہ مجھے نظر نہیں آئی۔ پھر وہ کہتے ہیں، اس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے نمائندہ بھیجا اور ان سے یہ request کی، گاندھی جی سے بات کرتے ہیں۔

تو اس پس منظر میں یہ چیز آئی تھی کہ جماعت احمدیہ کا یہ خیال تھا کیونکہ ان کے نمائندے اسمبلی میں اس لئے نہیں آ سکتے کہ وہ پھیلے ہوتے ہیں، گورنمنٹ کو خود توجہ دینی



چاہیے۔ اور "ہمارا حق ہے کہ جیسے پارسی لے سکتے ہیں، اگر وہ ایک پارسی کو لیتے ہیں تو ہم دو احمدیوں کو پیش کر سکتے ہیں۔" تو کیونکہ اس زمانے میں آپ لیگ کی تائید کر رہے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں مرزا صاحب! صاحب وہ ظاہر ہے۔ مگر کوشش یہ بھی تھی کہ ساتھ اگر آپ کو علیحدہ نمائندگی مل جائے as a separate body جیسے پارسیوں کو، وہ اس سے زیادہ بہتر ہے۔

مرزا ناصر احمد: اجازت ہے مجھے؟

جناب یحییٰ بختیار: میں ایک اور حوالہ بھی کر دوں تاکہ پھر آپ دونوں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: اگر دونوں اکٹھے ہیں تو ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کے بعد مرزا صاحب! آپ کے "الفضل"۔ یا پتہ نہیں "الفضل" آپ کا اخبار ہے یا کس کا اخبار ہے۔ بہرحال۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ "الفضل" جو ہے ہاں، یہ میں بتا دیتا ہوں کس کا اخبار ہے۔ دنیا نے بڑے لمبے تجربے کے بعد اور بڑی سوچ بچار کے بعد ہر ملک نے یہ قانون بنایا کہ اخبار کے اندر جو باتیں لکھی جاتی ہیں، ان کی قانونی ذمہ داری کس پر ڈالی جائے گی۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: ...... اور انہوں نے "مدیر مسئول" کا ایک محاورہ ایجاد کیا اور۔ یا پھر اس کے متعلق میں clear نہیں، اگر آپ میری مدد کریں تو میرا علم بڑھ جائے گا میرا یہ خیال ہے کہ جو پریس کی ذمہ داری ہے یہ colonial necessity ہے اور یہ آزاد ملکوں میں نہیں بہرحال، ہم اس کو لے لیتے ہیں۔ قانون یہ ہے۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، مرزا صاحب! بات یہ نہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ......قانون یہ ہے کہ مندرجات اخبار کا مسئول سوائے ایڈیٹر کے یا اگر وہ گروپ ہو تو ان کے اگر لکھا ہوا ہو اور پرنٹنگ پریس کے، اور کوئی نہیں۔ اس واسطے اخبار میں جو کچھ لکھا جائے، اس کے متعلق آپ صرف اتنا پوچھ سکتے ہیں مجھ سے کہ میں اس کی ذمہ داری لینے کو تیار ہوں کہ نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: تو مرزا صاحب! بات یہ ہے کہ آپ repudiate کر سکتے ہیں میں یہ نہیں کہہ رہا۔ مگر یہ ہے کہ اخبار ایسا ہے جو کہ آپ کے نقطہ نظر کو پیش کرتا ہے، جیسا، میں نے کہا، کہ ''ڈان'' تھا لوگ سمجھتے ہیں کہ لیگ کا نقطہ نظر ہے، مگر league was not bound by it. اس طرح آپ bound نہیں ہیں جب تک کہ آپ خود نہ لکھیں اخبار پر کہ ''یہ ساری جماعت کی آواز ہے'' "this is our organ, official organ" بعض لکھتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، بعض لکھ دیتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے نہیں لکھا ہوا تو ٹھیک ہے وہ، میں سمجھتا ہوں اس کو۔ مگر یہ کہ بہر حال یہ آپ کی پارٹی کا اخبار سمجھا جاتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں اگر کوئی حوالہ ہے تو وہ پڑھ دیں، میں آپ کو بتا دوں گا کہ میں اس کو own کرتا ہوں یا نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ جی کچھ حوالے ہیں جن پر منیر کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں لکھا تھا کہ:

''پاکستان سے کچھ پہلے احمدی جماعت کی طرف سے ایسی تحریریں و بیانات شائع ہوئے۔۔۔۔''

مرزا ناصر احمد: اس کا page کیا جی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: وہ میں بتا دیتا ہوں:

''......کہ ماحصل ان کا یہ تھا کہ اگر پاکستان بن بھی گیا تو ہم یہ کوشش کریں گے کہ یہ تقسیم ختم ہو، تقسیم ہند ختم ہو'' page 10 آپ دیکھ لیجئے۔ ''یہ تقسیم ختم ہو'' ''پھر اکٹھے بھارت ہو جائے'' اس مضمون کی تحریریں وغیرہ، تو اس میں کچھ ''الفضل'' کے میں آپ کو حوالے دے دیتا ہوں جن کا وہ ذکر کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ''یہ اکھنڈ ہندوستان'' والا سوال تو ایک مشکل میں ہو چکا ہے، اور اس کا جواب ہمارے پاس ہے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں نے کل بھی عرض کیا تھا، میں نے کچھ سوال کرنے تھے اس واسطے تا کہ آپ وہ کر لیں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، یہ ٹھیک ہے۔ یہ نوٹ کر لیں، یہ تو پہلے، آ چکا ہے، جو کہ آپ اب فرما چکے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، جی، یہ منیر کمیٹی کا تھا۔ انہوں نے کہا تھا: ''یہ اندازہ ہوتا ہے''۔

یہ ''الفضل'' ہے جی، 5 اپریل کا 1947ء، 17 مئی، 1947ء 12 اپریل 1947ء 17 جون 1947ء

مرزا ناصر احمد: جی لکھ لیا ہے انہوں نے (وفد کے ایک رکن کی طرف اشارہ کر کے)

جناب یحییٰ بختیار: ایک 18 اگست کا ہے۔ یہ ابھی دیکھیں، یہ چھوٹی سی بات ہے، جو کہ 17 جون کا ہے، مرزا محمود احمد امام جماعت احمدیہ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: 17 جون 47ء؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی:

"آخر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے رب! میرے اہل ملک کو تو سمجھ دے، اور اول تو یہ ملک بٹے نہیں، اور اگر بٹے تو اس طرح بٹے کہ پھر مل جانے کے راستے کھلے رہیں۔"

Now, Sir, I........

مرزا ناصر احمد: جب تک میں یہ دیکھوں نہ، میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** This is an address ofter 3rd June when Pakistan was accepted. Muslim League had achieved a victory; you ane not sharing that victory; yon are not sharing that hope. You say:

So, you have to clarify this that you "اللہ کرے کہ پھر مل جائے"۔

are not keeping yourself as a part of the Muslim nation.

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ آپ کا جو استدلال ہے، میرے نزدیک غلط ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ یہ impression میرا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ میرے نزدیک غلط ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اس واسطے میں clarify کر رہا ہوں۔ تو مرزا صاحب! آپ یہ حوالے دیکھ کر میرے خیال میں پھر اس کا جواب دے دیں۔ اس واسطے میں نے آپ کو یہ پیش کر دیئے ہیں۔ میں پڑھ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ ایک جواب تو ویسے تیار ہے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: تو پھر وہ پارٹ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ......اصولی۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: تو پھر وہ پارٹ ہو جائیگا۔



مرزا ناصر احمد: آخر میں اس کو شامل کر لیں، آپ کا مطلب ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ہاں،۔۔۔

مرزا ناصر احمد: (اپنے وفد کے ایک رکن سے): ان کو بھی شامل کر لیں، چلیں جی، یہ لکھ لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... چونکہ Subject divide ہو جاتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اب ایک دو ایسے چھوٹے چھوٹے سوال ہیں۔

مرزا صاحب! آپ کا ایک مشن اسرائیل میں ہے، یہ درست ہے ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: اسرائیل میں کئی لاکھ مسلمان بستے ہیں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: میں پہلے آپ سے ......دیکھیں ناں، میرے سوال کا پہلے یہ جواب دیں کہ "ہاں" یا "نہیں"۔ میں پھر آگے چلتا ہی نہیں۔ پھر آپ explain کریں۔

**Mirza Nasir Ahmad:** Now, now we come to this! Let us grapple with this problem..........

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Is there any Mission of .........

**Mirza Nasir Ahmad:** .........What does Enghish Language mean by this 'Mission'

**Mr. Yahya Bakhtiar:** What you have got in your confilation of foreign Missions. That contains.........

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔ مشن۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** That means.........

**Mirza Nasir Ahmad:** 'Mission', in the English language, means 'field of missionary activity'.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Yes, that, is what I mean; I don't mean political activity; I never suggested that.

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، نہیں،۔ Field of missionary activity ''فیلڈ آف مشنری activity" کے لئے وہاں جماعت احمدیہ کے افراد کا ہونا کافی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں آپ کا مشن ہے کہ نہیں؟ ''احمدیہ جماعت'' میں نہیں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: جماعت احمدیہ ہے وہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: بس ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: جماعت احمدیہ ہے----

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: ......اور وہ میرے خیال میں پانچ فیصد ہوں گے کل، ٹوٹل مسلم آبادی کا ۵ فیصد احمدی ہے۔ احمدی ہیں وہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، ٹھیک ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ کا مشن وہاں ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، احمدی جماعت ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ''احمدیہ جماعت ہے'' کیونکہ آپ کہتے ہیں ناں کہ "our foreign mission" اس میں آپ ان کا ذکر کر دیں----

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ اس واسطے میں نے ''مشن'' کا ترجمہ کیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے۔

**Mirza Nasir Ahmad:** This is from the concise Oxford Dictionary: "The field of missionary activity"

جناب یحییٰ بختیار: تو آپ، آپ کی کتاب میں جو فارن مشن ہیں، اس کے Page 79 میں آپ یہ بھی نوٹ کر لیجئے کہ جو میں پڑھتا ہوں یہ مضمون وہاں ہے یا نہیں؟ میں سارا نہیں پڑھوں گا۔ جہاں تک:



"Ahmadiyya Mission in Israel" because I said: "The mission in Israel because you said this..........."

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، ہاں، جماعت احمدیہ ہے وہاں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar :**

Ahmadiyya Mission in Israel is situated in Haifa at Mount Karmal we have a mosque there, a Mission House, a library, a Book Depot, a school. The Mission also brings out a Monthly entitled All-Bushra' which is sent out to thirteen different countries accessable through the medium of Arabic many works of prophet Messiah have been translated into Arabic through this Mission."

پھر اس میں آگے کہتے ہیں:

"Some time ago, our missionary had an interview with the mayor of Haifa, when, during the discussion on many points he offered to build us a school at kababeer a village near Haifa, where we have a strong and well established Ahmadiyya Community of Palestinian Arabs. He also promised that he would come to see our Mission at Kababeer which he did later, accompanied by our notables from Haifa. He was duly received by the members of the community and by the students of our school. A meeting had been to welcome the guests. Before his return, he entered his impressions in the Visitors' Book.

Another small incident, which would give readers some idea of the position the Mission in Israel occupies, is that in 1956 when our missionary, Chaudhry Mohammad Sharif, returned to Headquarters............."

مرزا ناصر احمد: یہ سن کونسا ہے؟۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ پبلی کیشن ہے 65ء کی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، نہیں، یہ آپ نے جو ابھی پڑھا۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** 1956.

**Mirza Nasir Ahmad:** 1956.

**Mr. Yahya Bakhtiar:**

> "That, in 1956, when our missionary, Chaudhry Mohammad Sharif returned to the Headquarters of the movement in Pakistan, the President of Israel sent word that he (our missionary) should see him before embarking on the journey back. Ch. Mohd. Sharif utilized the opportunity to present a copy of the German translation of Holy Quran to the President, which he gladly accepted. This interview and what transpired at it was widely reported in the Israel press and a brief account was also broadcast on the Radio."

ایک تو میں آپ سے simple سوال یہ پوچھتا ہوں کہ جب آپ کے مشنری وہاں جاتے ہیں اور وہاں سے پاکستان آتے ہیں تو کس پاسپورٹ پر جاتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: غیر ملکی۔

جناب یحییٰ بختیار: ہیں جی؟

مرزا ناصر احمد: غیر ملکی احمدی وہاں جاتے ہیں، پاکستان۔۔۔۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, Sir, I very carefully read it Chaudhry Mohammad Sharif in a Pakistan:

> "When he returned to the Headquarters of the Movement in Pakistan".

**Mirza Nasir Ahmad:** He is not Pakistani.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** He is not a Pakistani?

مرزا ناصر احمد: ہاں، ان کے پاس غیر ملکی نیشنلٹی ہے۔ وہ باہر رہتے ہیں۔ یہاں بھی آتے ہیں۔



جناب یحییٰ بختیار: پاکستانی نیشنلٹی بھی ہے؟ وہ بھی ہے یا پاکستان کی نہیں ہے ان کے پاس؟

مرزا ناصر احمد: یہ مجھے علم نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ آپ کے علم میں نہیں ہے۔

مرزا ناصر احمد: لیکن غیر ملکی نیشنلٹی ہے، ان کے پاس ہے۔ پاکستان کے معاہدے کے مطابق بعض ملکوں کے ساتھ dual nationality.........

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں تو۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں، آپ کو اصل۔۔۔۔dual nationality بعد میں نہیں آئی I donot know about him......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I just wanted to know, because when he returned, you know.

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ تو ہمارے پاس امریکن نیشنل آتے ہیں، سارے آتے ہیں، they come to the Headquarters.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I am a lawyer, I use every world in the legal sense. You return home." You didnot say: "when he comes here" "home". He returned to Pakistan. I wanted to know.........

**Mirza Nasir Ahmad:** One who writes articles or these reports........

**Mr. Yahya Bakhtiar :** May be.........

**Mirza Nasir Ahmad:**........doesn't use the English words in the legal terms.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, either he could say that "be returned to the Headquarters", or he could have said that: "he came to the Headquarters." But he says: "when he returned". Chaudhry

Mohammad Sharif is obviously a Pakistan persons. He may have got a nationality, as you say; that is possible.

مرزا ناصر احمد: ہمارے پاس جو اس علاقہ کے، ہندوستان کے رہنے والے، ہزاروں غیر ملکوں میں آباد ہیں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ ہوسکتا ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... یہ غیر ملکی نیشنل کی حیثیت سے وہاں جاتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو ٹھیک ہے انہوں نے برٹش نیشنلٹی ہوسکتی ہے، کسی اور کی ہوسکتی ہے۔ یہ تو میں نہیں کہہ رہا مگر میں یہ پوچھتا ہوکہ کس نیشنلٹی کے پاسپورٹ پر گئے ہیں یہ؟ آپ نے کہا کہ غیر ملکی ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، غیر ملکی۔ پاکستان کا تو وہ جا ہی نہیں سکتا کوئی۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کی تو نیشنلٹی پاکستانی ہے ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: الحمد للہ۔

جناب یحییٰ بختیار: تو جب اس نے آپ کو رپورٹ کیا کہ اسرائیل کے پریذیڈنٹ نے یہ یہ باتیں کیں، وہ آپ نے بھی۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، مجھے یہ رپورٹ نہیں کی۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ کی جماعت کے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہاں جو دفتر ہے، اس میں آ کر اس نے رپورٹ دی تھی۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... کہ یہ جو اسرائیل نے جو کچھ باتیں کی ہیں، جو وہاں ریڈیو پر بھی آیا اتنا زیادہ، اپنی گورنمنٹ کو بھی کچھ بتا دیجئے کہ اسرائیلی کیا سوچتے ہیں آپ نے کوئی انفارمیشن دی، یا ضروری نہیں سمجھا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں میرے سامنے تو...... ہاں، ہاں، میں بتا رہا ہوں۔ ویسے یہ ہے کہ جو چیزیں اس وقت آپ نے سامنے رکھی ہیں، وہ سارے، مختلف مسلمانوں کی تنظیموں کے ساتھ ان کی حکومت کا یہی سلوک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! آپ یہ نہ سمجھیں کہ میں insinuate کر رہا ہوں۔ اس سے لوگوں پر impression پڑتا ہے کہ کتنا strongly لوگ feel کر رہے ہیں، اس لئے تو میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ impression دور کرنے کی میں کوشش کر رہا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر میں چلا جاؤں اسرائیل......

مرزا ناصر احمد: میں سمجھتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر میں چلا جاؤں کسی طرح اسرائیل—— صاف بات کرتا ہوں—— دشمن کی حیثیت سے، دوست کی حیثیت سے، کسی حیثیت سے، اور مجھے وہاں کا کوئی بڑا آدمی بلائے بات کرے، میں پہلا فرض سمجھوں گا کہ حکومت میں جو بھی مجھے بڑا افسر مل سکے اس کو بتاؤں ''بھئی! وہ ہمارے دشمن ہیں، وہ اس لائن پر سوچ رہے ہیں، ان سے یہ یہ باتیں ہوئیں'' میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری نہیں ہے obligation نہیں ہے، لاء نہیں ہے یہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میں بتاؤں آپ کو، ذرا آگے ذرا تھوڑا سا digression میں 70ء میں ویسٹ افریقہ کے دورے پر گیا، خود اور دو ملکوں میں مجھے پیغام ملا، اسرائیلی سفیر کا، کہ ''میں ملنا چاہتا ہوں۔'' میں نے کہا کہ ''میں نہیں ملنا چاہتا تم سے''۔

مرزا ناصر احمد: یہ ایک وضاحت اور ہے۔ یہ ہمارا وہاں...... ہماری جماعت، اس علاقہ میں، جو اب اسرائیل کہلاتا ہے، اسرائیل کے وجود میں آنے سے کہیں پہلے کی بنی ہوئی ہے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو ٹھیک ہے، وہ میں نہیں کہہ رہا۔

مرزا ناصر احمد: ......اور 1924، 1928ء میں جماعت وہاں بنی۔ 1928 میں —— یہ کیا بسیر...... جو ہے جس کا نام یہاں آیا ہے۔ وہاں ایک سینٹر بنا جماعت کا۔ 1928ء سے وہاں کے تمام دوسرے فرقوں سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کے ساتھ نہایت برادرانہ تعلقات ہیں، اب بھی برادرانہ تعلقات ہیں۔ پوچھنا تو یہ چاہیئے کہ جو وہاں دوسرے مسلمان ہیں، 95 فیصد، ان کے حقوق کے لئے اگر کچھ کیا جا سکے، کسی باعث بھی ہمارے تو ان کے ساتھ تعلقات نہیں ہیں ڈپلومیٹک۔ ان کی خبرگیری کرنی چاہیئے۔ تو اس طرف ہم توجہ نہ دیں، اور وہ جو پیار کے آپس میں تعلقات ہیں، ان کو جائے اعتراض بنا لیں تو وہ کچھ اچھا نہیں لگتا اگر ان کو پتہ لگے، جو ہمارے احمدی نہیں، 95 فیصد، وہ بھی اس کو پسند نہیں کریں گے، یہ میں آپ کو بتا دیتا ہوں، کیونکہ بہت اچھے تعلقات ہیں ان لوگوں کے ساتھ۔

جناب یحییٰ بختیار: اچھے تعلقات تو ہیں جی، مگر میں۔ تو کہتا ہوں اگر clarification ہو جائے تو ٹھیک ہے نا جی، وہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں جی، میں تو بڑا ممنون ہوں آپ کا، خواہ کوئی غلط سمجھے۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... شک رہتا ہے۔ میں تو اس واسطے پوچھتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، میں ممنون ہوں آپ کا۔ ہر چیز جو ہے وہ سامنے آ جانی چاہیئے۔



جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو آپ نے سمجھ کی بات کی ہاں جی، اپنی اس کے مطابق۔ نہیں، مگر فرض کریں، آپ کواسرائیل والے مل جاتے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: بالکل میں ملنے کے لئے تیار ہی نہ تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر کسی جگہ reception تھا آپ کی آنر میں اور اس ذیل کا کوئی سفیر بیٹھ جاتا وہاں، آپ سے باتیں کرتا تو آپ سمجھ لیتے کہ یہ سیاسی لوگ ہیں، تو آپ ضرور مجھے یقین ہے بتا دیتے گورنمنٹ کو کہ ''بھئی! یہ ایسی بات اس نے مجھ سے کی ہے''

مرزا ناصر احمد: Reception وہ جہاں ہوتی تھی تو ہمارے سفیر صاحب موجود ہوتے تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: کیوں نہ ہو!

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، وہ تو تھا، یعنی وہ تو کوئی ایسی بات نہیں تھی۔

جناب یحییٰ بختیار: بس یہ صرف میں نے اس لئے آپ سے پوچھنا تھا۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

بس ایک یہ سوال؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ ایک اس کا...... اس پر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، اس بات پر؟

جناب یحییٰ بختیار: کیسے چھوٹے چھوٹے سوال آ جاتے ہیں!

مرزا ناصر احمد: ہاں، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ''تواکھنڈ بھارت''۔۔۔۔

جناب یحیٰ بختیار: مرزا صاحب! وہ جو کتاب تھی آپ کی، کل جو آپ پڑھ رہے تھے، وہ کاپی میرے پاس بھی ہے۔ یہ دیکھ لیجئے کہ آپ کی یہ پبلیکیشن ہے؟ کیونکہ مجھے غلط نہ مل گئی ہو۔ مرزا صاحب! یہ وہی ہے۔ "Outside Musalmans" "Outside Musalmans" والی جو ہے ناں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، دکھا دیجئے۔

جناب یحیٰ بختیار: یہ دیکھ لیجئے ذرا آپ اس سے وہ فوٹوسٹیٹ آیا تھا۔ یہ ہے وہ۔ آپ کا جو ہے ناں، 1916ء کا ایڈیشن ہے، یہ 1924ء کا یا 1921ء کا ہے، ویسے یہ بھی قادیان سے پبلش ہوا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ 1924ء کا ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں۔

مرزا ناصر احمد: اور یہ بھی دوسرا ایڈیشن ہے اردو کا،

''سیرت مسیح موعود'' جس میں:

''...... احمدی اپنے آپ کو مسلمان لکھوائیں۔ گویا اس سال آپ نے اپنی جماعت کو احمدی، کے نام مخصوص کر کے دوسرے مسلمانوں سے ممتاز کر دیا''

ایک ممتاز فرقہ، اسلام کے اندر۔

جناب یحیٰ بختیار: نہیں، اس سے میں نے ایک دو سوال پوچھنے تھے، اس لئے میں نے کہا کہ آپ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں جی، یہ وہی ہے۔

مرزا ناصر احمد: اس میں میں نے صرف یہ عرض کی تھی کہ انہوں نے جو عنوان باندھ دئے، ہیں، وہ اصل کتاب کے نہیں ہیں۔



جناب یحیٰ بختیار: نہیں وہ میں سمجھ گیا، ٹھیک ہے جب آپ اوریجنل سے دیکھیں گے، اردو میں،۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں (اپنے وفد کے ایک رکن سے) رکھو سامنے۔

جناب یحیٰ بختیار: پیشتر اس کے کہ۔ مرزا صاحب! میں پھر بات، بھول جاتا ہوں۔ یہاں ایک اور چیز بھی میری نظر میں تھی کہ میں نے کہا کہ وہ عام طور پر لکھ دیتے ہی کہ ''یہ ہمارا آفیشل آرگن ہے'' یہ یہاں ایک ہے:

''خاکسار مینجر 'الفضل' قادیاں، ضلع گورداسپور، سلسلہ عالیہ احمدیہ کا آرگن''

''اخبار الفضل ہی بفضل خدا ایک ایسا پرچہ ہے جس کو جماعت احمدیہ کا مسلمہ آرگن کہا جا سکتا ہے۔''

یہ بھی آپ دیکھ لیجئے۔

مرزا ناصر احمد: ''کہا جا سکتا ہے۔'' ''کہا جاتا ہے'' نہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** نہیں Whatever it mean, that the committee will judge.

مرزا ناصر احمد: اگر یہ ہوتا ناں کہ ''کہا جاتا ہے بڑا وزن ہو جاتا آپ کی بات میں۔ لیکن یہاں ''کہا جا سکتا ہے''

جناب یحیٰ بختیار: وہ میں تو توجہ دلا رہا ہوں، باقی وہ تو کمیٹی دیکھے گی کہ کیا مطلب ہے اس کا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، ٹھیک ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: Page 58، جو میرا پرچہ ہے۔ آپ کا کچھ اور ہو۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، دیکھ لیتے ہیں۔ ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: اس میں تو میں نے آپ کو ایک "Separatist tendency" کی طرف توجہ دلائی تھی کہ:

"Ahmadis form a separate community from the outside Musalamans."

آپ نے کہا ہے Heading ٹھیک نہیں ہے، اور یجنل میں نہیں ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہے ہی نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کے بعد یہ تھا کہ:

"The year 1901 was the year of census. The Promised Messiah issued a notice to his followers asking them to get themselves recorded in the census pagers. Under the name of 'Ahmadia Musalaman'. This was, therefore, the year when, for the first time, he differentiated his followers from the other Muslims by the name of 'Ahmadiya'".

مرزا ناصر احمد: یہ تو وہی ہے جس کی کل بات۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ اس سے دو pages پہلے آپ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، اس سے دو pages پہلے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ وہ ہے، 54, 58 اس میں ہے جی۔ چونکہ Heading یہاں ہے:

"Injunctions to Ahmadis regarding Marriage."

تو یہ ہیڈنگ انگلش میں ہوگا، اردو میں تو شاید ہیڈنگ نہ ہو اس کا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، ہیڈنگ ہے یہ کوئی نہیں۔ لیکن نکال لیتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، انگلش میں آپ دیکھ لیں گے تو آپ کو پتہ چل جائے گا۔ پہلے۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ ہے:

''اس سال آپ نے اپنی جماعت کے شیرازہ کو مضبوط کرنے۔۔۔۔''

جناب یحییٰ بختیار: ہاں یہ میں پڑھ دیتا ہوں، آپ دیکھیں پھر ٹرانسلیشن اس کا۔

"The same year......"

'that is, 1898 کیونکہ اس سے پہلے جو مضمون چل رہا ہے۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:**

"the same year, with a view to strengthen the bonds of the community and to preserve its distinctive features, he promulgated rules regarding marriage and social relations and forbade the Ahmadis to give their daughters in marriage to Non-Ahmadis."

ابھی اردو میں ترجمہ کیا ہے، وہ آپ دیکھ لیں جی یہ کوئی خوش، ناخوش کی بات نہیں تھی کہ وہ تجربے کی بات ہو۔ وہ آرڈر ہے۔

مرزا ناصر احمد: ناں، نارمل رول ہے ہی کوئی نہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Injunctions.

**Mirza Nasir Ahmad:** No, no ''تحریک کی''

جناب یحییٰ بختیار: وہ جو بھی آپ اردو میں پڑھیں وہ سنا دیجئے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں:

''اس سال آپ نے اپنی جماعت کے شیرازہ کو مضبوط کرنے اور خصوصیات سلسلہ کو قائم رکھنے کے لئے جماعت کے تعلقات ازدواج اور نظام معاشرت کی تحریک کی اور جماعت کو ہدایت فرمائی کہ احمدی اپنی لڑکیاں غیر احمدی لوگوں کو نہ دیا کریں''

''اپنی جماعت کے شیرازہ کو مضبوط کرنے'' کا فقرہ یہ بتاتا ہے کہ یہ شرعی حکم نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ ''انہوں نے ہدایت کی'' ڈائریکشن بھیجی۔

مرزا ناصر احمد: ڈائریکشن دی؟ لیکن آپ ذرا۔۔۔۔نہیں، میں وضاحت کردوں، دوسرے فرقوں نے بھی اس قسم کی بات کی لیکن ایک فرق کے ساتھ انہوں نے کہا:

''محروم الارث'' یعنی جو بچے ہیں وہ وارث نہیں ہوں گے۔ اور جماعت احمدیہ کی کوئی ہدایت ایسی نہیں ہے، بلکہ جو بچی باہر بیاہی جاتی ہے کسی جگہ بھی، اور ان کی اولاد جو ہوتی ہے۔ وہ اپنے احمدی بزرگوں کی وارث ہوتی ہے۔ تو یہ شرعی حکم نہیں ہے۔ یعنی ورثہ اسی طرح...... یعنی ورثہ...... حقوق ورثہ قائم رہنا یہ بتاتا ہے کہ یہ حکم شرعی نہیں ہے۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں مرزا صاحب! یہ بتانا چاہتا تھا۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... جیسا کہ دوسرے فرقوں کا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! میں جو عرض کرنا چاہتا تھا وہ یہ ہے کہ ایک ہدایت آئی، مرزا صاحب کی طرف سے، ڈائریکشن آئی، اس کی وجہ سے یہ ہوا۔ یہ نہیں کہ آپ کا تجربہ تھا کہ مسلمان جو ہیں وہ لڑکیوں سے اچھا سلوک نہیں کرتے، ناخوش رکھتے ہیں —— وہ میں distinction لانا چاہتا تھا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ تو ہے اس میں، جو میں نے بات کی تھی وہ۔۔۔۔ ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ کہتے ہیں کہ ''اپنی distinction رکھنے کے لئے، اپنی کمیونٹی کو مضبوط کرنے کے لئے''۔

مرزا ناصر احمد: نہ، نہ جماعت کے شیرازہ کو مضبوط کرنے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ اس لئے نہیں کہ وہ وہاں خوش نہیں رہتیں۔



مرزا ناصر احمد: نہیں، جماعت کے شیرازہ کو مضبوط کرنے۔۔۔۔۔ شیرازہ تبھی مضبوط ہوتا ہے جب خوش رہے جہاں۔۔۔۔ فساد ہوگا گھر میں شیرازہ کیسے مضبوط رہے گا؟

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے جی، وہ پھر آپ کی Interpretation ہے۔

''ملائکۃ اللہ'' میں بھی یہ آجاتا ہے جی، page 46 پر۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ تو ملائکۃ اللہ'' کا جواب دیا جا چکا ہے پہلے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اس کا نہیں دیا۔

مرزا ناصر احمد: اچھا؟ وہ، شاید پھر وہ کوئی اور حوالہ ہوگا۔

جناب یحییٰ بختیار: میں پھر پڑھ دیتا ہوں۔ مجھے یاد نہیں شاید دے دیا ہو۔

مرزا ناصر احمد: ہم نے جو نوٹ کئے تھے ناں، اس میں ''ملائکۃ اللہ'' کے ایک سوال کے متعلق نوٹ دیا ہوا ہے کہ اس کا جواب دے دیا گیا ہے۔ تو اگر نہیں، یہ کوئی دوسرا سوال ہے، تو پھر بتا دیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں پڑھ دیتا ہوں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ دے چکے ہیں تو پھر ضرورت نہیں ہے، میرے خیال میں:

''پانچویں بات جو اس زمانے میں ہماری جماعت کے لئے نہایت ضروری ہے وہ غیر احمدی کو رشتہ نہ دینا ہے۔ جو شخص غیر احمدی کو رشتہ دیتا ہے، وہ یقیناً مسیح موعود کو نہیں سمجھتا اور نہ یہ جانتا ہے کہ احمدیت کیا چیز ہے۔ کیا ہے کوئی غیر احمدیوں میں ایسا بے دین کیا ہے۔ کوئی غیر احمدیوں میں ایسا بے دین۔ جو ہندو یا کسی عیسائی کو اپنی لڑکی دے دے؟ ان لوگوں کو تم کافر کہتے ہو۔ مگر اس معاملہ میں وہ تم سے اچھے رہے کہ کافر ہو کر بھی کسی کافر کو لڑکی

نہیں دیتے۔ مگر تم احمدی کہلا کر کافر کو دے... دیتے ہو۔ کیا اس لئے دیتے ہوں کہ تمہاری قوم کا ہوتا ہے؟ مگر جس دن سے کہ تم احمدی ہوئے تمہاری قوم احمدیت ہو گئی۔۔۔۔۔‘‘

مرزا ناصر احمد: اس کا تو جواب دے چکے ہم۔

جناب یحییٰ بختیار: بس ٹھیک ہے جی۔

مرزا صاحب! بعض دفعہ...... آج میں کچھ...... پہلے main subject پر نہیں آ رہا، جو چھوٹی چھوٹی چیزیں رہ گئی ہیں...... آپ فرماتے ہیں کہ...... میں نے کئی حوالے پڑھے کہ ’’دشمن یہ کہتا ہے‘‘ ’’مخالف یہ کہتا ہے‘‘۔ تو پوزیشن clear نہیں ہوتی۔ Impression یہ ہوتا ہے کہ ’’دشمن‘‘ سے نہ صرف عیسائی کی طرف اشارہ ہے، بلکہ ان مسلمانوں کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جو مرزا صاحب کے خلاف تھے یا جو ان کو نبی نہیں مانتے۔ آپ نے کہا کہ ’’نہیں، یہاں جو ہے عیسائیوں کی طرف ہے‘‘ یہاں جو بھی حوالے میں نے پڑھے آپ نے یہی کہا۔ تو میں صرف یہ کچھ آپ کی توجہ اس کتاب کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ اس کی کچھ clarification آپ کی طرف سے ہو جائے کہ آپ نے جتنے حوالے پڑھے، ان کے مخاطب غیر مسلم عیسائی وغیرہ تھے۔ میں نے یہی کہنا تھا لیکن یہ جو ہے ناں ’’دشمن‘‘ یا ’’مخالف‘‘ یہ دونوں کو مخاطب کر کے کہا جا سکتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، غیر مسلم جو ہیں، ان کی دشمنی جہاں ہو گی، وہ مخاطب ہوں گے۔ ساری دنیا کے عیسائی جو ہیں، وہ مسلم نہیں، لیکن اسلام کے اوپر حملہ آور بھی نہیں۔ تو جب عیسائیوں کے متعلق کیا جائے گا کہ ’’دشمن‘‘ تو عیسائی مذہب کے صرف وہ افراد مراد ہوں گے جو اسلام پر حملہ آور ہوئے۔



اور جب مسلمانوں کے متعلق کہا جائے گا ’’مخالف‘‘ تو ہر مسلمان جو ہے، جو احمدی نہیں، وہ مخالف نہیں ہو گا، بلکہ صرف وہ چند ہوں گے شاید ایک فیصد بھی نہ ہوں، جو احمدیوں سے برسرِ پیکار ہیں۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو درست ہے، میں یہ کہتا ہوں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ......اور یہ حوالہ بتائے گا کہ مخالف کون ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ دیکھئے ناں، بعض حوالے میں نے آپ کو سنائے۔ ایک تھا جو ’’انجام آتھم‘‘ کا تھا۔ اس میں آپ نے clearly بتا دیا کہ یہ خاص وہ آتھم یا آثم، جو بھی اس کا نام تھا۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، عبداللہ آتھم۔

جناب یحییٰ بختیار: عبداللہ آتھم، اس کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ مضمون سے ظاہر تھا۔ بعض میں کوئی اس چیز کا ذکر نہیں تھا کہ کسی خاص عیسائی کا ذکر ہو رہا ہے۔ میں آپ کو عرض کر رہا ہوں:

’’جو میرا مخالف ہو گا وہ یہودی مشرک جہنمی ہے‘‘

ایسی چیز آ گئی تو اس پر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: وہ جو مجھے یاد ہے، وہ یہ تھا، وہ کل میں نے بتایا تھا کہ یہ عربی کی عبارت مستقبل کے متعلق ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یعنی میں ایسے کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ......آپ کے مخالفوں میں مسلمان بھی تو شامل تھے۔ مسلمان علماء، مولوی تھے یا نہیں تھے؟

مرزا ناصر احمد: ہمارے مخالفوں میں مسلمانوں کے علماء کا ایک حصہ تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں بعض علماء، میں یہ کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، بعض علماء تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: بعض علماء۔ بعض علماء۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: اور اس طرح جو دوسرے مذاہب میں، ان میں سے بھی شاید ان کا دو فیصد تین فیصد حملہ آور ہو اسلام کے اوپر لیکن جو اصل حوالہ ہے، جو مضمون ہے کسی کتاب میں آیا، وہ خود بتاتا ہے کہ ''مخالف'' جو کہا جاتا ہے، وہ کس کو کہا جاتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، بعض دفعہ، بعض دفعہ تو clear ہوتا ہے، مرزا صاحب! اور بعض دفعہ نہیں ہوتا۔ جیسے کل آپ نے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جو clear نہ ہو، وہ مجھ سے پوچھ لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... اس واسطے کل میں نے آپ سے عرض کیا کہ:

''دشمن یہ سمجھتا ہے۔ دشمن یہ سمجھتا ہے۔ کہ ہم اس کے مذہب کو کھا جائیں گے''۔

مرزا ناصر احمد: وہ میں نے بڑا کھول کے بتایا۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے بتا دیا، میری تسلی نہیں ہوئی، اس واسطے کمیٹی کے ممبروں کی خدا جانے تسلی ہوئی یا نہیں۔ مگر میری ڈیوٹی تھی کہ میں آپ کو ان کی...... جو ''دشمن'' ''مخالف'' کہتے ہیں، اس کا ضروری مطلب نہیں کہ عیسائی ہو۔ مسلمان بھی ہوسکتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: وہاں تو بڑا واضح تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: وہاں نہ سہی، مرزا صاحب! میں generally کہہ رہا ہوں کہ آپ کی مخالفت کی انہوں نے، کرتے رہے ہیں۔ اس لئے ''مخالف'' سے مطلب صرف عیسائی نہیں ہوتا۔

مرزا ناصر احمد: میں نے تو خود کہا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو یہ کہ جب وہ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... کہ ہر فرقہ ...... مسلمانوں میں سے ہر فرقے کے ایک دو فیصد ایسے ہیں کہ جو بڑی سخت معاندانہ مخالفت کرتے ہیں۔ تو باقی اس کے مخاطب نہیں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ابھی دیکھیں ناں جی، اس کتاب میں میں نے سرسری نظر ڈالی اس پر، اور میں آپ کی توجہ دلاتا ہوں کہ جب وہ مخالفوں کا ذکر کرتے ہیں کہ کون ان کی مخالفت کر رہا ہے۔ اب یہ مرزا صاحب گئے ہیں جی بعض جگہ لیکچر دینے، یا کسی جگہ جاتے ہیں تو وہاں لوگ آجاتے تھے:

"People advised the promised Messiah not to go to the mosque as there was a likelihood of a serious riots

یہ دہلی کا ذکر ہے، میرے خیال میں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: اور کس سن کا؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ اس کتاب کا page 34، دہلی میں جب پہلی دفعہ وہ گئے تھے۔ دہلی میں دو دفعہ گئے، مگر پہلی دفعہ جو گئے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، پہلی دفعہ وہ گئے اور آپ کے ساتھ صرف بارہ تھے احمدی۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، وہ میں نہیں کہہ رہا، کہ انہوں نے پولیس کی کیوں protection مانگی۔ Every body has a right۔ وہ میں نہیں کہہ رہا۔

مرزا ناصر احمد: اور ہماری کتابوں میں ہے کہ پولیس سے protection نہیں مانگی، آپ ہی انہوں نے انتظام کیا تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: پولیس نے خود ہی کیا تھا، police protection میں تقریر کرتے تھے وہ:

"The special edifice of Jamia mosque was full of men both inside and outside and even stairs were crowded with the sea of men who were mad with rage and looked at him with bloody eyes. The promised Messiah and his litter band made their way to the mehrab.........

مرزا ناصر احمد: یہ کونسا صفحہ ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: صفحہ 34:

.....there were a sea of men or Musalmans in thc Mosque."

یہ کن کو ''bloody eyes'' کا کہہ رہے ہیں وہ؟ پھر میں آپ-----

مرزا ناصر احمد: "bloody" گالی کے معنی ہیں----

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، I know "bloody"، غصے میں، in rase

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: غصے میں تھے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں

**Mr. Chairman:** We break for Maghrib?

مرزا ناصر احمد: یہ وہی حوالہ ہے جہاں سے: ''احمدی مسلمان لکھوائیں''؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ، مرزا صاحب! جو میرا ہے، انگلش ایڈیشن----

مرزا ناصر احمد: وہ ایک تھا ناں، پہلے: ''احمدی مسلمان لکھوائیں'' وہ ایک نکتہ بن گیا ہے ڈھونڈنے کے لئے حوالہ۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ جو اس سے پہلے آتا ہے----

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس سے پہلے آتا ہے۔



**Mr. Yahya Bakhtiar:**

The announcement is followed by the storm of opposition.

یہ heading دی گئی ہے یہاں۔ پھر کہتے ہیں page 31 میں:

Those very theologians who had formerly commanded him now stood up to denounce him.

پھر مولوی محمد حسین بٹالوی کا ذکر ہے۔ پھر Next page پر آتا ہے ان کا----

مرزا ناصر احمد:

''آپ 28 ستمبر، 1891ء کی صبح کو پہنچے----''

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، آپ یہ اردو کا دیکھ رہے ہیں؟ اگر آپ، اگر آپ انگلش کا دیکھیں----

مرزا ناصر احمد: نہیں، میرا مطلب ہے کہ یہاں بھی سن دیا ہوا ہے، وہاں بھی سن دیا ہوا ہوگا۔ 28 ستمبر، 1891ء اور ایک ہے----

**Mr. Chairman:** We are breaking for Maghrib, and then, after Maghrib, we will resume this question.

The Delegation is permitted to leave.

جناب یحییٰ بختیار: یہاں مولوی محمد حسین بٹالوی...... یہ جو ہے، ہاں، یہ جو ہے ناں، اس کے بعد پھر next page پر-----

**Mr. Chairman:** Mr. Attorney-General, we are breaking for Maghrib, and then, at 7.30......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** After break?

**Mr. Chairman:** After break, this question will continue.

The Honourable members may keep sitting.

*(The Delegation left the Chamber).*

**Mr. Chairman:** The House is adjourned to meet at 7.30.

Thank you very much.

---

*The Special Committee. adjourned for Maghrib Prayers to meet at 7.30 p.m.*

---

*The Special Committee. re-assembled after Maghrib Prayers, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.*

---

## TIME FOR CROSS-EXAMINATION

سید عباس حسین گردیزی: ایک چھوٹی سی گزارش ہے، جناب! عرض یہ ہے کہ چند ممبران کی طرف سے یہ سن رہے ہیں کہ وہ چاہتے ہیں کہ بحث جلدی ختم ہو عرض یہ ہے کہ بہت اہم ریکارڈ بن رہا ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: (سیکرٹری ہے) ان کو بلوالیں، باہر بٹھا دیں۔

سید عباس حسین گردیزی: ...... یہ ایک قومی ریکارڈ ہے اور بین الاقوامی ریکارڈ ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس میں پوری وضاحت ہو کہ آئندہ لوگوں نے اس کو پڑھنا ہے۔ اس لئے اس میں ہمیں جلدی نہیں کرنی چاہئے۔

---

## ATTENDANCE IN THE COMMITTEE

سید عباس حسین گردیزی: دوسرے ممبر صاحبان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان کو بروقت یہاں آنا چاہیئے۔ ساری قوم ہمیں دیکھ رہی ہے کہ ہم کیا کچھ کر رہے ہیں۔



آج بھی باہر مجھے کسی نے کہا کہ آپ لوگ کیفٹیریا میں بیٹھے رہتے ہیں اور اس میں دلچسپی نہیں لے رہے۔ یہ ایک قومی کام ہے اور نہایت اہم کام ہے۔ یہ جو وقت ضائع ہوتا ہے، ہمارا وقت ضائع ہوتا ہے، ان کا وقت ضائع نہیں ہوتا۔ میں یہ آپ کی وساطت سے ممبر صاحبان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ برائے مہربانی وہ وقت ضائع نہ کریں۔ جس وقت بھی، جو وقت مقرر ہو، اسی وقت پر آئیں اور اس وقت پر جائیں تا کہ یہ ریکارڈ، پوری طرح سے thrash ہو کر، یا وضاحت بنے۔

**Mr. Chairman:** So far as the first.........

**Saiyid Abbas Hussain Gardezi:** kept standing.

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔

جناب محمد افضل رندھاوا: جناب والا! ایک چھٹی غیر حاضر ممبران کو بھی لکھنی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: اچھا۔

شاہ صاحب! تشریف رکھیں، میں دونوں باتوں کا جواب دیتا ہوں۔

So far as the fist point is concerned, we cannot sit for an definite period only on this ground that we are preparing record for the generations we cannot sit for one year or three months or two months..........

سید عباس حسین گردیزی: یہ میں نہیں کہتا جو وقت جناب کی طرف سے با قاعدے مطابق ہے وہ وقت تو ضائع نہ ہو۔ یہ وقت جو ضائع ہوتا ہے، ان کا ضائع نہیں ہوتا، ہمارا ضائع ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ دوسرا کام ہے تبلیغ کا میں تو ایک سال سے اس کرسی پر بیٹھ کر یہی تبلیغ کر رہا ہوں کہ خدا کے لئے یہاں آیا کریں، وقت پر آیا کریں میرے کہنے کا تو کوئی اثر نہیں ہوتا، آپ قسمت آزمائی کر لیں، میرے کہنے کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

سید عباس حسین گردیزی: جناب کی وساطت سے میں ممبر صاحبان کی خدمت میں با ادب گزارش ۔۔۔۔۔

جناب محمد افضل رندھاوا: جناب والا! جو حاضر ہیں ان کو سنانے سے؟ جو غیر حاضر ہیں، ان کو چٹھیاں لکھیں۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب! 9 بجے کے بعد ایک ایک کر کے کھسکنا شروع ہو جاتے ہیں۔ بستہ ہاتھ میں لیا اور وہاں سے کھسک گئے۔ اور یہاں بیٹھے رہتے ہی پندرہ ۔

In Budget one day we started with six members.

یہ تو کوئی بات نہیں ہے ناں جی۔

پروفیسر غفور صاحب! لاء منسٹر صاحب آ گئے ہیں، میرے چیمبر میں ہیں، یہاں بھی آ جائیں گے۔ آپ ان کے ساتھ پھر ڈسکشن کر لیں۔ میں نے کہا وہ ابھی آ جاتے ہیں۔ چوہدری صاحب بیٹھے تھے، وہ کچھ باتیں کر رہے تھے اس کے متعلق، سارا۔ جیسے بھی ہو ہاں تو Now I am going to call them

They may be called.

(The Delegation entered Chamber.)

---

## CROSS EXAMINATION OF THE QADIANI GROUP DELEGATION

**Mirza Nasir Ahmad:** With the permission of the Chair,

ایک تھوڑی سی وضاحت ہو جائے تو اچھا ہے۔

جو پیچھے فلسطین کے متعلق آپ نے فرمایا تھا کہ جب 56ء میں چوہدری محمد شریف واپس آئے تو اس وقت کوئی رپورٹ کی گئی۔ تو میں صرف یہ ریکارڈ کرانا چاہتا ہوں کہ میرا انتخاب 65ء میں ہوا تھا اور اس وقت، مجھے یہ بھی یاد نہیں...... ہم نے سوچا۔۔۔۔



جناب یحییٰ بختیار: وہ تو میں نے آپ کو کہہ دیا کہ ہم آپ سے نہیں اس پر کرتے۔ آپ کو یاد ہو گا، آپ نے کہا کہ آپ انچارج نہیں تھے۔ ممکن ہے آپ خود ہی یورپ میں ہوں، آپ اس جگہ نہ ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں یورپ میں تو نہیں تھا لیکن میرا تعلق کوئی نہیں تھا اس سے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ میں نے کہا، کیونکہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... کیونکہ کتاب ہے 1965 کی وہ آئے ہیں 1956ء میں، وہ تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

مرزا ناصر احمد: وہ فلسطین کے متعلق میرا نوٹ ہے، وہ ہم نے بڑا کام کیا ہے، فلسطین مسلمانوں کے ساتھ مل کے، اسرائیل کے وجود کے قیام کے خلاف۔ وہ میں اپنے وقت کے اوپر بتاؤں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو ہمیں کوئی dispute نہیں ہے اس پر۔ میں تو صرف وہ چیز، جو لوگوں کے سوال پوچھے جاتے ہیں، وہ آپ سے پوچھ رہا ہوں۔

میں آپ سے غرض کر رہا تھا کہ ''مخالف'' جب بار بار لفظ آتا ہے تو اس پر یہ کہ مسلمان بھی اس میں شامل ہیں۔ اور اس کے بارے میں بتایا تھا کہ ہر جگہ جہاں مراز صاحب جاتے رہے ہیں، دہلی میں، امرتسر میں، لاہور میں، سیالکوٹ میں، تو بار بار ذکر آتا ہے کہ مسلمانوں نے مخالفت کی۔ باقی بھی کرتے ہوں گے۔ اور علماء بھی تھے ان میں سے کچھ اور تھے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ کہیں نہیں آتا کہ سارے مسلمانوں نے کی۔۔۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں۔۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ......میں نے اسی واسطے کہا تھا کہ دو ایک فیصد تھے جنہوں نے۔۔۔۔جو مخالفت کرتے رہے ہیں۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: میں نے یہی کہا ناں جی کہ اس میں مسلمان بھی شامل ہوتے ہیں، جب وہ ''مخالفت'' کہتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ صرف عیسائی ہوں۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: نہیں، یہ تو میں نے کہہ دیا تھا۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: میں اس لئے آپ کو توجہ دلا رہا تھا کہ دہلی میں ہزاروں کی تعداد میں، وہ کہتے ہیں، وہ سب غصے میں تھے۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں، ہاں، out of crores

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Naturally.

<u>مرزا ناصر احمد</u>:

''جامع مسجد دہلی کی وسیع عمارت اندر اور باہر سے آدمیوں سے پرتھی بلکہ سیڑھیوں پر بھی لوگ کھڑے تھے ہزاروں آدمیوں کے مجمع سے گزر کر جبکہ سب لوگ دیوانہ وار خون آلود نگاہوں سے آپ کی طرف دیکھ رہے تھے، میں تو یہ کہوں گا کہ بڑے تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آمین بالجہر کہنے یا نہ کہنے پر سر اڑا دیئے تھے''۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: اب ایک جگہ وہ آ گئے۔۔۔۔ یہاں لکھا ہے جی کتاب میں:

> "His cousin, Sir Ahsan, in Nineteen one hundred (1901?), and some of his relatives, who were opposed to him, put up a wall in front of ........"



''مخالف'' میں کہہ رہا ہوں کہ ہر قسم کے لوگ آ سکتے ہیں، صرف یہ نہیں کہ عیسائی ہی تھے۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: نہیں، نہیں یہ تو میں نے کہہ دیا، مان لی بات ہر مذہب اور اسلام کے ہر فرقے کا دو تین فیصدی ایسا ہے جو آیا ہے مخالفت میں۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں، میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ جب امرتسر بھی جاتے ہیں تو اس کا بھی ذکر ہے کہ وہاں کے جو مولوی تھے وہ بہت آئے تھے وہاں۔ میں نہیں کہتا کہ سارے مولوی تھے، مگر جو ہال میں وہاں تھے وہ مخالفت کر رہے تھے، ان کو بھی "Opponent" بتایا گیا ہے۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: یوں تو ساری تاریخ شعیہ سنی فسادات اور ان فسادات سے بھری پڑی ہے، ہماری تاریخ۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: وہ مرزا صاحب! لاہور وغیرہ کی جو میٹنگ تھی ناں، اس پہ۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں، ہاں، ٹھیک ہے، اس میں تو کوئی انکار نہیں ہے ساری تاریخ بھری پڑی ہے ہماری، ان فسادات سے۔

*(Interruption)*

**Mr. Chairman:** I will request Sardar Aleem to resume his seat.

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: مرزا صاحب! یہ آپ کی جماعت کی رائے ہے کہ قرآن کریم اور الہامات مسیح موعود دونوں خدائی تعالیٰ کے کلام ہیں، دونوں میں اختلاف ہو ہی نہیں سکتا، اس لئے مقدم رکھنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا، دونوں کا status ایک جیسا ہے؟

مرزا ناصر احمد: یہ جو فقرہ ہے، اس میں دو سوال ہیں، اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں تجزیہ کر دوں؟

اصولی حقیقت عالمین کی، ساری خلق کی، اس ساری universe کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے جو دو چیزیں صادر ہوتی ہیں، نکلتی ہیں، ان میں تضاد ہو ہی نہیں سکتا۔ ایک یہ دوسری یہاں یہ ہے کہ آیا کس قسم کا الہام؟ تو ہمارا یہ عقیدہ ہے میں اپنا بتاؤں گا------

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، میں وہی پوچھ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ......ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا ہر الہام تابع ہے نبی اکرم کے الہامات کے، اور تفسیری ہے، زیادتی نہیں کرتا کچھ بھی، شریعت محمدیہ اور اسلامی جو ہدایت دی گئی ہے، اس پر ایک لفظ کی زیادتی نہیں، بلکہ تفسیر ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مگر وہ جو ان کا status ہے، ایک ہی جیسا ہے؟ کیونکہ دونوں آپ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے پیغام ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہم یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام صادق تھے، اور اس واسطے ہم نے آپ کو مانا اور آپ نے جب یہ کہا کہ ''یہ الہام مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا'' تو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا------

جناب یحییٰ بختیار: تو وہ ایسے ہی ہوا جیسے قرآن کا ہوا؟

مرزا ناصر احمد: ......اور......دیکھیں ناں، وہ آپ، جو میں فقرہ کہوں، اس کا انتظار کر لیں، میرے جواب کا انتظار کر لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس پر غلطی نہیں کر رہا، چونکہ آپ نے پہلے کہا تھا کہ وہ امتی نبی ہیں، وہ میں نہیں کہہ رہا----



مرزا ناصر احمد: نہیں، میں تو صرف یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک فقرہ میرا جواب کا رہتا تھا، وہ آپ سن لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: Sorry، آپ کہہ لیجئے، پھر میں پوچھتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارا یہ ایمان ہے کہ جو واقع میں اللہ تعالیٰ کا کلام ہو، ان کے اندر آپس میں نہ تضاد ہے، اور ان کا مقام بوجہ اپنے source کے، منبع کے، سرچشم کے، مختلف ہے ہی نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ایک جیسا ہو گیا؟

مرزا ناصر احمد: وہ جو آگے تفسیر ......جو میں نے تفسیر کا بتایا، وہ تفسیر ہے اس کی، یہ ہمارا ایمان ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں، میں، صرف یہ پوچھتا ہوں کہ آپ دونوں کو ایک ہی لیول پر رکھتے ہیں؟ یہ دونوں اللہ کے کلام ہیں، آپ کے نزدیک، اور دونوں صحیح کلام ہیں؟

مرزا ناصر احمد: دونوں کو اس لحاظ سے ایک لیول پر رکھتے ہیں کہ دونوں اللہ کے کلام ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہی میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ......اس لیول سے۔ لیکن بعض اور چیزیں-----

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس پر نہیں کہہ رہا، اس پر میں آ رہا ہوں ابھی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ، وہ ٹھیک ہے۔ چونکہ ہر دو خدا کا کلام ہے۔ اس لئے ہر دو خدا کے کلام کی عظمت اپنے اندر رکھتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور جتنی بھی احادیث ہیں، وہ تو naturally قرآن کے لیول پہ ہو نہیں سکتیں، جو مرزا صاحب کی وحی ہیں، جو ان کے الہام ہیں، حدیثوں سے آپ ان کو بلند سمجھتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد:

وما ینطق عن الھویٰ

قرآن کریم کہتا ہے۔

ان ھوالا وحی یوحیٰ

جو واقع میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، وہ جو ارشاد ہے، وہ اپنے نطق کا نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی تائید کے مطابق آپ کا وہ ارشاد ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور جو خدا تعالیٰ کا ارشاد مرزا صاحب کو ہوا، وہ حدیث سے بلند مرتبہ ہے اس کا یا نہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہر۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ دیکھیں ناں،۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں سمجھ گیا، جواب دینے لگا ہوں۔ ہر حدیث صحیح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہام سے اس لئے بالا ہے کہ اس کا تعلق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: حدیث آپ سمجھتے ہیں کہ بالا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہر حدیث صحیحہ، جو بھی صحیح حدیث ہے، اس کو ہم بہرحال حضرت مسیح موعود کی تفسیر سے، خواہ وہ الہامی ہو یا غیر الہامی، اس سے بالا سمجھتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاں میں آپ کو ایک حوالہ پڑھ کر سناتا ہوں، آپ چیک کرلیں، یہ مرزا بشیرالدین محمود صاحب کا ہے ''الفضل'' 25 اپریل 1915ء ہے:

''حدیث تو بیسیوں راویوں کے پھیر سے ہمیں ملی ہے اور الہام براہ راست ہے۔ اسلئے الہام مقدم ہے۔''

یہاں تو یہ clear ہے۔ آگے فرماتے ہیں:



''مسیح موعود ہے جو باتیں ہم نے سنی ہیں، وہ حدیث کی روایات سے معتبر ہیں۔ حدیث ہم نے آنحضرت کے منہ سے نہیں سنی؟

(الہام) 'Not only Ilham' بلکہ باتیں جو ہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ ......آپ جب بات ختم کرلیں گے، میں وضاحت کر دیتا ہوں، ابھی وضاحت کر دیتا ہوں۔ امام بخاری، اللہ تعالیٰ ان پر رحمتیں نازل کرے، چھ لاکھ احادیث ان کے پاس مختلف روایتوں سے پہنچیں، اور ان میں سے انہوں نے پانچ لاکھ چورانوے ہزار کے قریب رد کر دیں، اور صرف چھ ہزار روایات لے لیں۔ تو یہاں جو اصل گھنڈی ہے، وہ راویوں کا ہے، حدیث صحیحہ کا نہیں سوال۔ مختلف راویوں سے حضرت امام بخاری کے پاس کم وبیش چھ لاکھ پہنچیں احادیث اور انہوں نے 5 لاکھ 94 ہزار احادیث کے متعلق یہ فتویٰ دیا کہ یہ قابل قبول نہیں تو یہ اس لئے نہیں انہوں نے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ''یہ کلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور میں قبول نہیں کرتا'' بلکہ اس واسطے کہ انہوں نے کہا کہ ''جن مختلف راویوں کے ذریعے سے مجھ تک پہنچیں ان میں سے بعض ایسے کمزور ہیں کہ میں ان کی یہ بات ماننے کے لئے نہیں تیار اپنے آپ کو پاتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی یہ بات کہی ہوگی''

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! میں آپ کا مطلب سمجھ گیا، میں یہی...... آپ اس کی وجہ بتا رہے ہیں، کمزوری کی، کہ حدیث کیونکہ کمزور ہے، اور مرزا صاحب کی باتیں کیوں ان سے قوی ہی، آپ نے وجہ بتائی۔ میں نے کہا یہ عقیدہ آپ کا ہے؟ تو یہ آپ clear کریں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں...... او ہو...... اوہ! بالکل نہیں یہ عقیدہ اس واسطے میں نے شروع میں ''حدیث صحیحہ'' کیا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس واسطے کہتا ہوں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، ''صحیح حدیث'' میں نے کہا ہے، اس شرط کے ساتھ تو میں کہہ نہیں سکتا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیں جی:

''حدیث تو بیسیوں راویوں کے پھیر سے ہمیں ملی ہے اور الہام براہ راست ہے۔ اس لئے الہام مقدم ہے'' ۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی ہر وہ حدیث۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ......یہ تو جنرل بات ہوگئی ناں۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ وہ فرماتے ہیں:

''مسیح موعود سے جو باتیں ہم نے سنی ہیں وہ حدیث کی روایات سے معتبر ہیں۔ حدیث۔۔۔۔''

مرزا ناصر احمد: حدیث سے معتبر نہیں، حدیث کی روایات سے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیں ناں، آپ تو clarification کر رہے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہاں جو کچھ لکھا ہوا ہے، میں تو وہ کہہ رہا ہوں کہ آپ اس پر توجہ کریں۔

جناب یحییٰ بختیار:

''مسیح موعود سے جو باتیں ہم نے سنی ہیں وہ حدیث کی روایات سے معتبر ہیں۔''

مرزا ناصر احمد: حدیث کی روایات سے، حدیث سے نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے، ہاں،۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: حدیث سے نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار:

''......حدیث کی روایات سے معتبر ہیں۔ حدیث ہم نے آنحضرتؐ کے منہ سے نہیں سنی۔''

میرا پوائنٹ یہ ہے، مرزا صاحب! کہ حدیث، خواہ وہ سوگنا بھی آپ کہیں کہ صحیح ہے، وہ مرزا صاحب کے کلام سے اوپر نہیں کیونکہ کسی نے وہ نہیں سنی، خواہ سو 100 امام بخاری کہیں۔ اس لئے مرزا صاحب کا کلام جو ہے، ان کی باتیں جو ہیں، وہ ان پر مقدم ہیں۔ یہ کہہ رہے ہیں۔ اس کو آپ clarify کریں۔

مرزا ناصر احمد: اس عبارت سے، اس عبارت سے ایسا مطلب آپ لے رہے ہیں جو ہمارا آٹھویں کا بچہ بھی نہیں لے سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں تو بے وقوف ہوں جی، موٹے دماغ کا آدمی ہوں، یسوع کی طرح پر، مگر میں آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ یہاں جو ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، جب ہمارے، ہمارے مذہب کا ہو سوال، تو میں ہی بتاؤں گا ناں آپ کو۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ ٹھیک ہے، جبھی تو آپ سے پوچھ رہا ہوں، مرزا صاحب!

مرزا ناصر احمد: جب میں بتاتا ہوں تو آپ قبول نہیں کرتے۔ بس وہ ختم ہو گیا میرا۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیں ناں، میں قبول نہیں کرتا ہوں، میں اسی واسطے clarification لے رہا ہوں، ورنہ کمیٹی تو اس کو پڑھ کے اپنے نتیجے پر پہنچ سکتی تھی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ ٹھیک ہے، بڑی مہربانی۔

جناب یحییٰ بختیار: تو میں اس واسطے عرض کر رہا ہوں کہ میں بڑی مشکل ڈیوٹی perform کر رہا ہوں کہ clarification ہونی چاہئے، یہ چیزیں سامنے آنی چاہئیں۔

**Mirza Nasir Ahmad:** I quite understand.

جناب یحییٰ بختیار: ابھی سارے یہاں میرے پاس پرچے آرہے ہیں، میں آپ سے سوال پوچھتا ہوں، دس پرچے آ جاتے ہیں: ''یہ پوچھئے یہ پوچھئے''۔ تو اس میں عرض...... کہتا ہوں کہ جو مطلب یہاں سے نظر آتا ہے، reasoning, ground, rationale وہ اتنا صاف ہے کہ:

''مسیح موعود سے جو باتیں ہم نے سنیں وہ حدیث کی روایات سے معتبر ہیں۔۔۔۔''

مرزا ناصر احمد: حدیث کی روایات سے

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی حدیث کی روایات سے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: مثلاً، میں بتاتا ہوں، اس کو اور واضح کر دوں۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: مجھے یہ سوال ذرا اگر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، ہاں

جناب یحییٰ بختیار:

''...... معتبر ہیں حدیث ہم نے آنحضرت کے منہ سے نہیں سنی۔''

اب اس سے جو مطلب میں اخذ کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو حدیث آپ صحیح سمجھتے ہیں، جس پر آپ کو پورا یقین ہے کہ یہ صحیح ہے، اس کے بارے میں بھی کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ''ہم نے آنحضرت صلعم کے منہ سے سنی'' اور کیونکہ ہم نے انؐ کے منہ سے نہیں سنی، اس لئے مرزا صاحب نے جو باتیں کیں، اور ''ہم نے ان کے منہ سے سنیں، وہ ان سے مقدم ہیں، معتبر ہیں''۔۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: ہمارا مذہب یہ نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ مطلب نہیں تو آپ clarify کر دیں۔

مرزا ناصر احمد: ہمارا یہ مذہب نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ مثلاً حدیث ہے کہ وہ بعض دفعہ سات راویوں کے بیچ میں سے گزر کر پہنچتی ہے امام بخاری کے پاس____ جو صاحب الکتب ہے احادیث کی کتب میں سے۔ اور اس میں بعض دفعہ...... قریباً ڈیڑھ، دوسو سوال کے بعد انہوں نے یہ کتاب لکھی۔ اور بہت سے راویوں میں سے ایک سے دوسرے نے روایت کی۔ اس طرح یہ سلسلہ گیا۔ تو روایت جو ہے، روایت کے لحاظ سے کئی راوی ایسے ہیں جن کو مسلم نے قبول کرلیا اور امام بخاری نے قبول نہیں کیا۔ کئی ایک راوی ایسے ہیں جو امام بخاری نے قبول کر لئے اور بعد میں آنے والے اولیاء اللہ نے قبول نہیں کئے کئی راوی ایسے ہیں جو امام بخاری نے رد کر دیئے اور بعد میں آنے والے ہمارے اولیاء نے ان کو قبول کر لیا۔ تو یہ ہے حقیقت احادیث کی اور روایت کی وجہ سے جو جوش...... جس حدیث کو ہم، ہمارے بزرگ ہم...... اس وقت میں تو کہوں گا کہ جس کو ہمارے مسیح موعود علیہ الصلوہ والسلام نے اور خلفاء نے بعد کے، اور میں نے، یہ قبول کر لیا کہ اس کی روایت درست ہے، اس کا مقابلہ ہی کوئی نہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام کے ساتھ۔ یعنی یہ میرا مذہب ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ تو ٹھیک آپ فرما رہے ہیں، میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ یہاں انہوں نے distinction کی ہے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: وہ ''روایت'' کے اوپر زور دے کر کی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......روایت کی وجہ سے۔۔۔ کیونکہ روایت ہے۔۔۔۔ روایت کی وجہ سے وہ اتنی مستند نہیں ہوسکتی جو کہ آدمی ڈائریکٹ بات سنے۔ اگر ہم میں سے کوئی کہے کہ "تم نے ڈائریکٹ سنی" تو naturally وہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ کونسا ہے؟اس کے اندر ہی جواب ہو گا۔

جناب یحییٰ بختیار: میں نے بتا دیا ہے۔۔۔ 25 اپریل کا۔۔۔ جو مجھے لکھ کر دیا گیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: یہ اسی کتاب کا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں نے "الفضل" کا حوالہ دیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: اچھا "الفضل" کا۔ تو شاہد اس کے آگے پیچھے کوئی جواب ہو۔

جناب یحییٰ بختیار: اسی واسطے، مرزا صاحب! آپ دیکھ لیں۔ میں تو ایسی ڈیوٹی کر رہا ہوں، آپ ناراض ہو رہے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں بالکل نہیں ناراض، میں تو آپ کا خادم ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: خادم تو میں ہوں جی، اسمبلی کا، جیسے وہ حکم دیتے ہیں، میں اس کی تعمیل کرتا ہوں۔

مرزا صاحب! آپ نے اپنے خطبے میں، جو 21 جون کا میرے خیال میں "محضر نامہ" میں بھی ہے اس میں اور فرمایا ہے۔۔۔۔ میں یہ آپ کا page 12 پڑھ رہا ہوں:

"This constitution gives him......"

یہ آرٹیکل جو ہے ناں، 20 (اے)، کو interpret کررہے ہیں۔ اس میں آپ فرماتے ہیں:

"This constitution gives him the right to announce whether he is a Muslim......."

میں اوپر سے پڑھ رہا ہوں تا کہ آپ کو یاد رہے After quoting



"every citizen shall have the right to profess, practice and propagate his religion."

اس سے آگے آپ تفسیر کر رہے ہیں اس کی کہ:

"In other words, this constitution, which is........."

اس سے آگے ہے جو کہ:

"Every religions denomination and every sect thereof shall have the right establish maintain and manage his religious institutions."...........

**Mirza Nasir Ahmad:** Ok, this is a clause in the Constitution.

جناب یحییٰ بختیار: جو آرٹیکل 20th ہے Constitution کا اس میں، آپ فرماتے ہیں، کہ:

> In other words, this constitution, which is a source of pride for us, guarantees to every citizen of Pakistan his religion, that is to say, the religion which he, and not Mr. Bhutto or Mufte Mahmood or Mr. Moudoodi, chooses for himself. Whatever religion a citizen chooses, that is his religion and he can announce it. This constitution gives him the right to announce can he is a Muslim or not, and, if he announce, that he is a Muslim, then this constitution of which the People's Party is proud, and of which we are also proud because of this article, guarantees to every citizen to announce that, being a Muslim, he is a Wahabi or an Ahle-Hadith or an Ahle Quran or Barailve or Ahmadi."

تو اس سے یہ impression پڑتا ہے، جو میں سمجھتا ہوں، کہ آپ بھی اپنے آپ کو باقی مسلمانوں کا ایک فرقہ تصور کرتے ہیں۔ کیا یہ ہمیشہ آپ کا یہی attitude تھا کہ آپ ایک فرقہ ہیں، یا آپ کا خیال تھا کہ آپ ہی اسلام ہیں اور آپ ہی اصلی اسلام ہیں، اور باقی کوئی نہیں، فرقہ ورقہ نہیں آپ؟

مرزا ناصر احمد: وہ جو ایک پرانا حوالہ دیا تھا ناں کہ "census میں یہ لکھوائیں" اس میں بھی جو ہدایت تھی، مشورہ تھا، وہ یہ تھا کہ "احمدیہ فرقہ کے مسلمان"۔

جناب یحییٰ بختیار: "فرقہ" تو نہیں، اس میں لکھا ہے: entered as Ahmadi - Muslim

مرزا ناصر احمد: "احمدی مسلمان" "فرقہ" بھی ہے ایک جگہ، ہاں، "فرقہ احمدیہ کے مسلمان" یعنی دونوں ہدایتوں میں دونوں فقرے موجود ہیں۔ تو احمدی، ہم...... یہ جو آپ نے بات کہی، یہ درست ہے کہ ہم ایک حصہ، جسطرح اور بہتر تہتر میں، اسی طرح ایک فرقہ اپنا سمجھتے ہیں، اور ہمیشہ سے سمجھتے آتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ وہ جو مرزا صاحب نے لندن میں لیکچر دیا تھا، لیکچر تو یہ نہ ہوا، اپنوں کو تو انہوں نے بریف کر دیا تھا مگر یہ کتاب اس وقت مرزا بشیرالدین صاحب نے لکھی تھی-----

**Mirza Nasir Ahmad:** Ahmadiyyat or True Islam.

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، یہ "Ahmadiyyat or the True Islam" یہ 1937 ایڈیشن ہے، قادیان سے پبلش ہوا ہے، اس کا صفحہ 34 ہے، اس پر مرزا صاحب فرماتے ہیں:

> "He distilled the impure water and discovered the subterranean channel, and removed the veil from our eyes, and opened wide the door to a vast field of research and discovery, thus providing for the ever in creaming needs of mankind, with out, in the least, going outside the teaching of the Holy Quran and interfering with the form of Islam, which was established by the Holy Prophet (Peace and the blessing of God be upon him and which it the will of God to preserve tell the end of days. Once this is realized, it will be easy to comprehend that although the Ahmadyyia Movement believes firmly in the Holy Quran and is a Movement of Muslims, it can not be ranked merely as one of the such of Islam..........."



I go further please :

> "........On the contrary, it claims that it alone represents to the world the real Islam that was revealed over 1300 years ago, and that its special mission is to enrich mankind with the unlimited spiritual treasures contained in the Holy Quran.

یہ میں اس واسطے کہہ رہا ہوں کہ جو آپ کہہ رہے ہیں-----

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس میں-----

**Mr. Yahya Bakhtiar:** You dont consider yourself as merely sect of Islam.

مرزا ناصر احمد: یہ آپ نے پڑھ دیا، اس پر جو سوال ہے وہ کیا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں نے آپ سے عرض کی کہ آپ کہتے ہیں کہ you are a sect of Islam and you should be treated as Wahabis and others.

میں نے کہا جی کہ یہ آپ کا سٹینڈ نہیں رہا ہے پہلے۔ پہلے آپ کا یہ سٹینڈ رہا ہے کہ:

"We are not a sect of Islam We should not be ranked as one of the sects of Islam; we are the real Islam."

مرزا ناصر احمد: ہر فرقے کا یہی مذہب ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ میں آپ سے یہ پوچھ رہا ہوں کہ میں...... اب مرزا صاحب! میں----- مرزا صاحب آپ نے، اس دن (وقفہ) آپ نے فرمایا تھا جی کہ "مسیح موعود نبی بھی تھے۔" اسی capacity میں، اس پر کچھ question تھے۔ میں بعد میں پوچھ لوں گا۔ لاہور پارٹی کے۔ آپ اگر کچھ کہنا چاہتے ہیں؟ مگر مجھے ایک چیز clear نہیں ہے کہ حضرت مسیح، عیسیٰ علیہ اسلام کو، ان کو آپ شرعی نبی سمجھتے ہیں یا امتی نبی؟

مرزا ناصر احمد: مسیح ناصری؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کوئی بھی امتی نبی نہیں آسکتا تھا نہ آیا، اس لئے کہ۔۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی حضرت موسیٰؑ کی امت سے۔ میرا مطلب وہ ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں میں بھی وہی کہہ رہا ہوں، وہی کہہ رہا ہوں، آنحضرتؐ کی نسبت سے نہیں، حضرت موسیٰؑ کی نسبت سے، یا دوسرے نبی جو تھے، جن، جن علاقوں کے تھے، ان کی نسبت سے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔

مرزا ناصر احمد: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے نہ کوئی امتی نبی ہوا نہ آ سکتا تھا، اس لئے کہ اس وقت جو شرائع لے کر آئے تھے وہ کامل نہیں تھیں اور کامل اتباع کے نتیجے میں اور فنا فی الرسول کے نتیجے میں یہ نعمت نہیں (ناقابل فہم) مل سکتی۔ ہمارا ایمان یہ ہے۔ تو امتی نبی صرف نبی اکرمؐ کا ہو سکتا ہے، جو اپنی عظمت اور شان میں سب سے اونچے چلے گئے اور ایک کامل، مکمل ہدایت اور شریعت قرآن پاک کی شکل میں نوع انسانی کو آپ نے دے دی۔ اس سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔۔۔۔ اگر آپ کہیں تو ذرا explain کر دوں؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، اس کا status clarify کر دیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

حضرت موسیٰؑ ایک شرعی نبی تھے۔ ان کے بعد نبی اسرائیل میں جو انبیاء آئے ہیں، باوجود اس کے کہ وہ حضرت موسیٰؑ کی شریعت کے تابع تھے، لیکن کچھ تھوڑا تھوڑا فرق کر رہے تھے ساتھ، کامل اتباع نہیں ان کے اندر نظر آتی۔ حضرت محمدؐ کے بعد، ہمارا عقیدہ یہ ہے، کہ ایک شوشہ بھی قرآن پاک کا منسوخ نہیں ہو سکتا۔ لیکن حضرت عیسیٰؑ نے یہ کہا: حضرت موسیٰؑ کی شریعت یہ کہتی تھی کہ آنکھ کے بدلے آنکھ۔ یہ شریعت کا حکم ہے، توریت کا۔ حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا کہ اگر ایک گال پر کوئی تھپڑ لگاتا ہے تو دوسری بھی آگے کر دو یعنی انہوں نے انتقام پر زور دیا اور حضرت عیسیٰؑ نے معافی پر زور دیا۔ لیکن، on the whole شریعت موسوی کی پابندی کرنے والے تھے۔ اور امتی نبی کے لئے ضروری ہے کہ ایک ایک لفظ، ایک ایک شوشے میں اپنے متبوع نبی، صاحب شریعت نبی کی کامل اتباع کرنے والا ہو۔



جناب یحییٰ بختیار: یعنی حضرت عیسیٰ بھی شرعی نبی نہیں تھے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ میں پوچھ رہا تھا۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، نہیں، شرعی نبی نہیں تھے ہمارے نزدیک۔

جناب یحییٰ بختیار: ''امتی'' تو میں اس sense میں کہہ رہا تھا کہ حضرت موسیٰ کی امت سے تھے وہ، یہودی تھے وہ بھی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔

مرزا ناصر احمد: لیکن جو ہماری اصطلاع ہے ''امتی نبی'' وہ اس کے مطابق نہیں تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ ان کو ''غیر شرعی'' کہیں گے؟

مرزا ناصر احمد: ''غیر شرعی تابع نبی'' لیکن آپ کی نبوت امتی نبوت نہیں ہے، کامل اتباع کے نتیجہ میں نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور تابع وہ تھے حضرت موسیٰ کے؟

مرزا ناصر احمد: حضرت موسیٰ کی شریعت کے تابع تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور اسی کے قانون کو انہوں نے establish کرنا تھا؟

**Mirza Nasir Ahmad:** On the whole.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** On the whole.

اور مرزا صاحب کی پوزیشن یہ ہے کہ وہ بھی غیر شرعی ہیں اور وہ بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جو قانون ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: لیکن on the whole. نہیں، absolutely

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Absolutely, that I say. But دونوں شرعی ہیں؟

مرزا ناصر احمد: دونوں شرعی نہیں ہیں۔ قرآن کریم میں آتا ہے کہ توریت کے بعد: کہ حضرت موسیٰ کے بعد۔۔۔ یہ قرآن کریم فرماتا ہے کہ ایسے انبیاء آئے، بنی اسرائیل میں، کہ جو شریعت موسوی کے مطابق پیروی کرواتے تھے، اتباع کرواتے تھے، لوگوں کی ہدایت کا سامان پیدا کرتے تھے۔ لیکن تھوڑا سا اختلاف سارا اگر......بہت بڑا مضمون ہے۔ وہ میں نے صاف کر دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہی، وہ شرعی اور غیر شرعی کا جو تھا، ناں۔۔۔

مرزا ناصر احمد: غیر شرعی نبی؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو اس کے بعد پوزیشن یہ ہو جاتی ہے، جہاں تک میں سمجھتا ہوں، کہ مرزا غلام احمد کی پوزیشن مسلمانوں کے فرقوں، جو باقی فرقے ہیں، میں سے وہی تھی جو حضرت عیسیٰؑ کی یہودیوں کے فرقوں میں سے تھی؟



مرزا ناصر احمد: نہیں، اس واسطے کہ حضرت عیسیٰؑ اور حضرت مسیح موعود جن کو ہم کہتے ہیں، ان کے status مقام میں فرق ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا مقام ہے کامل، absolute اتباع کا۔ لیکن حضرت مسیح کا مقام نہیں۔ اس واسطے دونوں کا فرق پڑ گیا ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس واسطے عرض کر رہا تھا کہ اس واسطے نہیں فرق کہ وہ بھی غیر شرعی تھے، یہ بھی غیر شرعی ہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: غیر شرعی ہونے کے لحاظ سے وہ ہزاروں انبیاء جو بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد آئے، بشمولیت حضرت عیسیٰ، وہ غیر شرعی تھے، اور حضرت مسیح موعود بھی غیر شرعی ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ان کا relationship ان کا تعلق۔۔۔۔

**Mirza Nasir Ahmad:** Only to that point.

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ یہ۔۔۔۔۔

**Mirza Nasir Ahmad:** Only to that extent.

جناب یحییٰ بختیار: کیونکہ یہ پوائنٹ جو ہے کہ اگر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ، ہاں۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... ابھی یہاں جو ہے، ایسا ہی حوالہ مجھے نظر آیا ہے۔ اس لئے میں آپ سے وہ "In short, prophets are of two kinds........."

جیسے میں نے کہا ناں، شرعی طور پر۔ Page 28 سے پڑھ رہا ہوں جی:

"...... those who are law-bearers like Moses............"

**Mirza Nasir Ahmad:** Page 28?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** 28:

> "...........(On whom be peace), and those who only restore and re-establish the law after mankind have forsaken it; as, for instance, Elyah, Isaiah, Ezekiel Daniel and Jesus (On all of whom be peace). The prophet Messiaha (on whom be peace) also claimed to be prophet like the latter, and asserted that as Jesus was the last khalifa (Successor) of the Messiaha dispensation, he was the last khalifa of the Islamic dispensation".

Please mark the words: "He asserted".

**Mirza Nasir Ahmad:** He was the Khalifa.

**Mr. Yahya Bakhtiar:**

> "........... and assented that just as Jesus was the last khalifa (Successor) of the Mosaic dispensation, he was the last khalifa of the Islamic dispensation."

ایک ہی footing پر وہ Compare کر رہے ہیں----

مرزا ناصر احمد: نہ، footing نہیں،----

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ جو-----

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں ذرا وضاحت کر دوں----

جناب یحییٰ بختیار: مجھے پورا پڑھ لینے دیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، آپ سمجھ جائیں گے کہ:

مخلص اللہ

قرآنی آیت کی طرف اشارہ ہے۔ میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں۔ جس میں خاموش-----



**Mr. Yahya Bakhtiar:**

> "........... Just as he was the last khalifa of the Mosaie dispensation he was the last khalifa of the Islamic dispensation. The Ahmadiyya Movement, therefore, occupied with respect to the other sects of Islam, the same position which Christianity occupied with respect to the other sects of Judaism."

Does it not conclusively show that as Christianity is a different religion compared to Judaism, Ahmadiyyat is a different religion compared to other sects?

**Mirza Nasir Ahmad:** No.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** This I want you to clarify.

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس سے یہ نہیں نکلتا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس واسطے کہہ رہا ہوں کہ وہ جو comparison کر رہے ہیں-----

مرزا ناصر احمد: comparison قرآن کریم کی ایک آیت کی روشنی میں کر رہے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ ٹھیک ہے، میں......اس واسطے میں نے پڑھ کر سنا دیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: (عربی)

جناب یحییٰ بختیار: آگے جی میں اس پوائنٹ کو زیادہ elaborate کرتا ہوں On page 29 وہ فرماتے ہیں:

> "Muhammad (on whom be peace and blessings of God), being this the like of Moses (on whom be peace), it was necessary that the Messiah of Islamic dispensation should not only be from among his followers but should come to re-establish and propagate the Quranic law just as Jesus came with no new law, but only confirmed the Torah......"

پھر وہ آگے explain کرتے ہیں، جو بات آپ نے کہی:

".......I have already indicated that one of the functions of a Prophet, who is not the bearer of a new law, is to sift all errors and misinterpretations which may have crept into an existing religious system owing to lapse of time, and this in itself is a great task. To discover and restore that which had been lost is almost as great a task as to supply that which is new. But we believe that the promised Messiah (on whom be peace) had a much higher mission to perform. In order, however, to understand what that mission was it is necessary first to understand clearly our position with regard to the Holy Quran······

what I wanted to show you, Sir, پھر وہ آگے describe کرتے ہیں، اس پر،

is that Mirza Bashiruddin Sahib, in his book or lecture draws the parallel that Mirza Sahib has got the same position with regard to Islam or Prophet Muhammad which Jesus Christ had with regard to Moses or Judaism.

Then it is also stated ——and you may have read it and you may understand it batter than I do ——that Jesus Christ had made some changes as you just······

آپ نے جو ابھی کہا، مگر basis وہی ہیں جو Moses کے Law کے تھے۔

a Prophet without (غیر شرعی نبی)But being a Ghair Sharai Nabi

his own Law, he founded a new Ummat ___to it a fact or not? He founded a new religion ____is it a fact or not? And if you draw the parallel, does it not amount to the fact that Ahamadiyyat is a new relgion?

**Mirza Nasir Ahmad:** The author of this book drew no parallel, he referred to the Quramic Verses.

اور اس واسطے میں خاموش ہوں کل آپ کو قرآن کریم کی آیات لکھ کر ترجمے کے ساتھ بتا دوں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! میں اسمبلی کو پڑھ کر سنا رہا ہوں اور اس واسطے آپ کی attention draw کر رہا ہوں، آپ مجھ سے پھر ناراض ہو جاتے ہیں!

مرزا ناصر احمد: میں ناراض نہیں ہوا، میرا مطلب ہے کہ اس وقت جواب نہیں دے سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: میں یہی کہتا ہوں جو چیز مجھے نظر آتی ہے اس سے یہ مطلب اخذ ہو سکتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: قرآن کریم کی آیات پڑھنے کے بعد آپ یہ اخذ کریں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ بھی غیر شرعی، یہ بھی غیر شرعی۔ انہوں نے بھی پرانا قانون establish کیا، یہ بھی کر رہے ہیں مگر نتیجہ یہ اخذ کیا کہ ان کی پوزیشن وہی ہے جو یہودیوں کے مقابلے میں حضرات عیسیٰ کی تھی، مسلمانوں، کے مقابلے میں ہماری یہ پوزیشن ہے۔ اور پھر وہ separation میں یہ سب چیزیں کہ آپ کے Rules of Conduct اور آ جاتے ہیں، آپ نے بھی نیا قانون بنایا ہے، ہدایات دی ہیں، ڈائریکشنز دی ہیں ......

مرزا ناصر احمد: separatism کے متعلق تو اتنا بڑا مسالہ ہے میرے پاس ......

جناب یحییٰ بختیار: ......تو اس لئے یہ بھی مسئلہ اس میں آ جاتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، نہیں یہ جو ہے ناں، میں اسی واسطے خاموشی سے بالکل سنتا رہا ہوں کیونکہ اس عبارت کا تعلق قرآن کریم کی دو آیات سے ہے، اور جب تک وہ انسان کے ذہن میں نہ ہوں، اس passage کو سمجھنا اتنا آسان نہیں۔ کیونکہ in......one has that case, one has to theorise. حالانکہ یہاں جو facts نہیں قرآن کریم کی آیات کے، ان کی روشنی میں ایک بات کی گئی ہے۔ تو میں انشاء اللہ کل صبح اس کا جواب دے دوں گا، قرآن کریم کی آیات سامنے رکھ دوں گا۔

جناب یحیٰی بختیار : پھر، مرزا صاحب ! آگے وہ فرماتے ہیں، page 32 پر

______ یہ اس سے الگ subject ہے، یہ directly connected نہیں ہے ......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:**

"The Holy Quran contains a full and complete refutation of every doubt which is suggested by each succeeding age under the ever-changing conditions of the world and reply to every criticism which may be based on new knowledge and new discoveries"

پھر last para میں فرماتے ہیں :

By pointing out this miracle of the Holy Quran, the promimised Messiah, (on whom be peace) has effected a revolution in spiritual matters. The Muslims certainly believe that the Holy Quran was perfect but, during the last 1300 years, nobody had imagined that not only was it perfect but that it was an inexhaustable store house in which the needs of all future ages had been provided for, and that on investigation and research it would yield for richer treasures of spiritual knowledge, than material treasures which nature is capable of yielding."

Now, Sir, first of all, this gives me an impression that Mirza Sahib discovered something which was not discovered for 1300 years, by the Muslims, in the Holy Quran. This hidden treasure, which he discovered and pointed out, was a revolution. Now, I will respectfully ask you, Mirza Sahib, that, as for as interpretation of the Holy Quran is concerned, I am not award or acquainted, as you now. Apart from those provisions of the Holy Quran, those Ayat, which directly or indirectly deal with the status of a Nabi or Mehdi or Isa coming back, which indirectly or directly prove or try to prove that Mirza Sahib was a Nabi or Mahdi or Isa, what other provisions of the Holy Quran has he interpreted which nobody had interpreted before______and Jehad______these, apart from these? Because these are the subjects of ......



Jehad______his interpretations ______and on the question of Khatm-e-Nabuwat, what it means, death of Jesus.

جن چیزوں سے ان کی اپنی نبوت کا ثبوت ملتا ہے یا وہ یسوع ہونے کا ثبوت ملتا ہے، قرآن میں، ان کے بارے میں، اور جہاد کے بارے میں، ان کے علاوہ وہ کونسا خزانہ تھا جو ۱۳۰۰ سال میں مسلمانوں کو نہیں مل سکا اور مرزا صاحب نے سامنے لا کر رکھ دیا ہے؟

This is something very important, because I got so many questions. I want to put it very briefly.

تو اس پر آپ ابھی کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: اگر آپ تشریف رکھیں______ تھک جائیں گے۔

جناب یحیٰی بختیار : ہاں، نہیں، ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: قرآن کرم نے یہ دعویٰ کیا، قرآن کریم نے :

یہ آیات قرانی ہیں جو میں نے بھی پڑھیں۔ ایک دوسری جگہ یہ فرمایا کہ قرآن کریم کتاب مبین ہے، یعنی ایک کھلی، کھلی، کھلی ہوئی کتاب ہے، ہر آدمی اس کو پڑھ سکتا ہے، اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتا ہے، اپنی اپنی استطاعت کے مطابق۔ اور یہاں یہ فرمایا کہ یہ کتاب مکنون ہے، اور ہر شخص امت مسلمہ کا اس کو پڑھ نہیں سکتا بلکہ اس کے لئے یہ قید لگائی:

صرف مطہرین کا گروہ، امت مسلمہ میں سے، ان معنی کو اخذ کر سکتا ہے جو قرآن کریم میں موجود ہیں:

تنزیل من رب العالمین

ہم نے جو یہ اعلان کیا تھا کہ قیامت تک کے لئے یہ کامل اور مکمل شریعت اور ہدایت ہے، قرآن کریم کی شکل میں، ہمارا یہ دعویٰ صحیح نہیں ہو سکتا تھا جب تک کہ قرآن کریم کے بعض اسرار روحانی اور معارف دقیقہ ایسے نہ ہوں جو زمانہ زمانہ کی ضرورتوں کے مطابق خدا تعالیٰ کے محبوب بندے خدا تعالیٰ سے قرآن کریم کے ____ امت محمدیہ کے اندر ____ خدا تعالیٰ سے قرآن کریم کے معانی اور تفسیر سیکھ کر اُس وقت کے لوگوں کو، اُس جگہ کے، اس علاقے کے لوگوں کو بتائیں:

جب تک قرآن کریم کتاب مکنون نہ ہو، اس وقت تک یہ دعویٰ غلط ہو گا کہ یہ اس خدا کی طرف سے یہ جو تمام عالمین کا the whole Universe for all times to come. قیامت تک کے لئے ہے۔ اس کا یہ تو بڑا وسیع مضمون ہے، وہ تو سارا میں بیان نہیں کر سکتا، کچھ تھوڑے سے اشارے کر دیتا ہوں۔

اگر آپ ہمارے ''محضر نامہ'' کے۔۔۔۔۔ ہمارے ''محضر نامہ'' میں ایک رسالہ ہے، اس کا نام ہے: ''مقربان الٰہی کی سرخروئی ____ روح کا فرگری کے ابتلاء میں'' اس میں، بطور مثال کے، صدیوں میں سے انتخاب کر کے، مختلف 55 مشہور بزرگان امت کے کچھ واقعات مختصر لکھے ہیں۔ جب ان کی سیرت پر ہم نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں یہ نظر آتا ہے کہ مثلاً جب سید عبدالقادر جیلانیؒ صاحب نے تطہر اور تجدید کا کام شروع کیا تو اس وقت کے علماء نے ان پہ یہ کہہ کر کفر کا فتویٰ لگایا کہ ''کہ آپ وہ باتیں کرتے ہیں جو آپ سے پہلے سلف صالحین نے نہیں کیں''۔ کیونکہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اس چھپی ہوئی کتاب، چھپا ہوا خزانہ، جس کا وہاں ذکر ہے، اس کتاب مکنون کے کچھ حصے اس زمانے کے مطابق سکھائے۔ لیکن علمائے ظاہر نے پہلی کتب کو دیکھا اور ان کے اوپر الزام لگا دیا۔ اور سو



سال کے بعد جو نئے بزرگ ہماری امت میں پیدا ہوئے، سید عبدالقادر جیلانیؒ صاحب کے بعد، ان کے اوپر یہ کہہ کر کفر کا فتویٰ دے دیا کہ ''آپ وہ باتیں کرتے ہیں کہ جو سید عبدالقادر جیلانیؒ صاحب نہیں کیا کرتے تھے'' یہ میں مفہوم ان کی زندگیوں کا بتا رہا ہوں، یعنی کوئی صفحے کا حوالہ یا اقتباس نہیں پڑھ رہا، ان کی زندگی کے یہ حالات ہیں ____ یہ تو مانی گئی بات ہے یہ تو ظاہر بات ہے، یہ تو ایسی بات ہے جس کا کوئی انسان انکار نہیں کر سکتا کہ زمانہ ہر آن بدل رہا ہے۔ اور کچھ عرصے کے بعد، اس زمانے کے بدلنے کے نتیجے میں، نئے مسائل انسان کی زندگی میں پیدا ہوتے ہیں۔ ان مسائل کے حل کرنے کے لئے۔ قرآن کریم آئے گا یا نہیں آئے گا؟ ہم کہتے ہیں ہمیشہ آتا ہے۔ مثلاً میں نئی مثال دے دیتا ہوں اُنیسویں صدی میں Agrarian Revolution بھی ہوا اور انہویں صدی میں Industrial Revolution. بھی ہوا، اگرچہ وہ ابتدا تھی لیکن بہرحال Agrarian Revolution انگلستان کی تاریخ میرے سامنے ہے اور Industrial Revolution بھی اس Revolution کے نتیجے میں مزدور اکٹھا ہو گیا، اس revolution کے نتیجے میں آقا اور مزدور، کا آپس میں جو تعلق تھا وہ پرانے زمانے کی نسبت بدل گیا، اس revolution کا نتیجہ یہ نکلا آخر کار کہ چونکہ شریعت کی ہدایت کے مطابق ____ میں اس وقت جان کے ''شریعت'' کہہ رہا ہوں ''شریعت محمدیہ'' نہیں کہہ رہا ہوں کہ کچھ اور لوگ بھی تھے، مثلاً عیسائی، وہ اپنی شریعت کا کہہ رہے تھے۔ تو میں نے اس واسطے جان کے کہا۔ ورنہ اصل تو اس زمانہ کے لئے ہے ہی شریعت محمدیہ۔ چونکہ خدا تعالیٰ کے نازل کردہ قانون کے مطابق ان مسائل کو حل نہیں کیا گیا، اسے لئے اتنا فساد دنیا میں پڑا کہ اس وقت کچھ لوگ یہ خیال کرنے لگ گئے ہیں کہ ہم اپنے گناہوں کے نتیجے میں کہیں بالکل دنیا میں نابود نہ ہو جائیں۔

اب آپ کہتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کتاب مکنون سے وہ کونسے خفیہ، پوشیدہ خزانے نکالے۔ میں آپ سے یہ کہتا ہوں کہ اس ایگریکلچر...... ایگریرین ایوریلوشن جو کہلاتا ہے، اور انڈسٹریل ایوریلوشن کے نتیجے میں جو سوشلزم اور کیمونزم کی شکل میں کسی جگہ کوئی، یعنی انسان کا ایک طبقہ مانتا ہے ان کو blessing ، انسان کا دوسرا طبقہ اس سے agree نہیں کرتا ___ اس جھگڑے میں ہم نہیں پڑتے ___ ان مسائل کو حل کرنے کے لئے قرآن کریم سے علوم نکالے، اور اس میں خود ذاتی گواہ ہوں ___ گو میں اپنی ذات کے متعلق بات کرنا پسند نہیں کرتا مگر اس وقت مجبور ہوں ___ کہ میں پچھلے سال 73ء میں یورپ میں گیا، اور میں نے continent پر چار جگہ کم از کم پریس کانفرنس کی، اور وہاں میں نے اس مسئلہ پر ان کو بتایا کہ کیمونزم جو حل انسان کے آج کے مسائل کا پیش کر رہا ہے، اس سے کہیں زیادہ بہتر، اس سے کہیں زیادہ اچھا، اس سے کہیں زیادہ انسان کو satisfy کرنے والا حل قرآن کریم میں موجود ہے۔ تو جو شخص یہ کہتا ہے کہ کونسے مخفی خزانے تھے جو اس age میں جماعت احمدیہ کے ذریعے ظاہر ہوئے وہ، ان کو میں یہ کہوں گا کہ ___ میرا یہ دعویٰ نہیں کہ پہلی کتب ساری پہ میرا عبور ہے ___ اگر کسی صاحب کا یہ عبور ہو کہ وہ آج کے مسائل کا حل کرنے کے لئے پہلی کتب میں سے مواد نکال دے تو ہم سمجھیں گے، ٹھیک ہے، وہ سارا خزانہ پہلے آ گیا، نئے کی ضرورت نہیں ہے۔ تو ایک ہی وقت میں قرآن کا یہ دعویٰ کہ ''میں کتاب مبین ہوں'' اور ایک ہی وقت میں، اسی سانس میں، یہ دعویٰ کہ بڑا متضاد ہے کہ ''کتاب مکنون ہوں'' اس آیت کی جو تفسیر ہے:

یہ تفسیر جو ابھی میں نے آپ کو بتائی ہے، اس وسعت کے ساتھ، اس پھیلاؤ کے ساتھ میرا نہیں خیال کہ پہلے آتی ہے۔ لیکن یہ علم تھا ان کو کہ ہر زمانے کے مسائل مختلف، نمبر ایک، ہر زمانے کے نئے مسائل کو حل کرنے کی قرآن کریم میں ریلیف، نمبر۲، ہر زمانہ میں خداتعالیٰ کے ایسے اولیاء امت کا پیدا ہونے جوان نئے مسائل کو حل کرنے کے لئے قرآن کریم سے استنباط کرتے تھے اور استدلال کرتے تھے، ساری امت کا متفقہ فیصلہ ہے۔ اور یہ جو میں نے بتایا، جو تنگی دی گئی اور سختی کی گئے، یہ اس کا نتیجہ تھا کہ:

(عربی)

کو عام آدمی نہیں سمجھ سکتے۔ تو مخفی خزانے تو بے شمار ہیں، یہاں تو میں نے پانچ سات منٹ بات کی ہے، اگر مجھے اجازت دیں تو میں دوچار دن کچھ تھوڑا سا نمونہ بتا دوں۔

جناب یحییٰ بختیار: وقت بہت کم ہے، مرزا صاحب! میں نے تو کہا مرزا صاحب، وہ آیات جن کا انہوں نے خود interpretation کیا ہو، اور کسی نے نہ کیا ہو، وہ بتا دیجئے۔ آپ نہیں بتا رہے، تو پھر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ابھی میں نے بتا دی ایک۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے اپنا بتایا ہے، میں مرزا صاحب کا پوچھ رہا تھا۔

مرزا ناصر احمد: اوہ ہو ہو! یہ مرزا صاحب کا ہے، میں نے ان کی کتابوں سے لیا ہے، یعنی وہ بھی جو اس کتاب میں ہے، اس کا پھیلاؤ جو ہے وہ میں نے کیا آگے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور بھی ہے ایسی کوئی؟

مرزا ناصر احمد: بے شمار۔

جناب یحییٰ بختیار: تو آپ یہ بتا دیں گے ایک آدھ؟

مرزا ناصر احمد: کل سارا دن بتاؤں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، ایک اور بتا دیجئے جو مرزا صاحب نے کیا، جو کسی نے پہلے نہیں کیا، یہ بات کی کہ یہ خزانہ انہوں کو۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: مرزا صاحب نے...... میں ایک بہت موٹا، ایک لمبا مضمون بتا دیتا ہوں ____ سورۃ فاتحہ کی ایک تفسیر کی، ایک سے زائد تفاسیر کیں، اور اس میں میرا اندازہ یہ ہے کہ 70 فیصد وہ تفسیر ایسی ہے جو پہلے نہیں۔ ہم نے...... جو خود آپ نے کی، اور جو اس میں اصل شان ہے، قرآن کریم کی، وہ یہ ہے کہ آپ، ان کو، ایک دفعہ ایک پادری نے یہ اعتراض کیا کہ جب مسلمانوں کے نزدیک توریت خدا کا کلام اور خدا کی کتاب ہے، اتنی موٹی ایک کتاب یہ توریت اس کے بعد آپ کو یا دنیا کو قرآن کریم کی، جو اس سے چھوٹی ہے کیا ضرورت ہے؟ یہ اعتراض کیا۔ اس کے جواب میں باقی سلسلہ احمدیہ نے یہ ان کو لکھا ____ یہ ایک تحریر میں آیا ہوا ہے جواب ____ کہ: ''آپ لوگ بات کر رہے ہیں یہ کہ توریت کے بعد قرآن کریم کی کیا ضرورت تھی، اور میں تمہیں یہ کہتا ہوں کہ قرآن کریم کی پہلی سورت، سورۃ فاتحہ، جو سات آیات پر مشتمل اور ایک چھوٹی سی صورت ہے، اس کے اندر جو روحانی خزائن پائے جاتے ہیں، اگر تمہاری ستر کے قریب کتابوں میں، اتنی موٹی توریت میں، اتنے بھی نکل آئیں، سورۃ فاتحہ جتنے، تو ہم یہ سمجھیں گے کہ آپ کے پاس بھی کچھ ہے۔'' اور یہ ایک چیلنج دیا۔ اور یہ چیلنج 67ء میں میں نے ڈنمارک میں دہرایا، اور لکھ کے ان کو دیا، اور میں نے کہا کہ ''باقی سلسلہ عالیہ احمدیہ وفات پا گئے اور میں ان کا نائب ہوں۔ اب یہ میری ذمہ داری ہے جسے میں قبول کرتا ہوں'' ستر۷۰ اسی ۸۰ سال صحیح مجھے یاد نہیں ہے تاریخ کا، جب یہ چیلنج دیا گیا ____ بہرحال ایک لمبا زمانہ گزرا اس کو دہرایا گیا اور دہرایا جاتا رہا اور عیسائی لوگ جو تھے وہ اس کی طرف نہیں آئے۔ وہ ساری تفسیر جو ہے، میں نے آپ کو بتایا کہ وہ میں کل اگر اجازت دیں تو آپ کے سامنے پیش کر دیتا ہوں ان میں سے ایک۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، صرف میں یہ کہتا ہوں کہ پہلے جو تیرہ سو سال مسلمانوں نے----

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس میں ایسے مضامین ہیں جو پہلی کتب میں نہیں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: کسی نے آج تک نہیں دیئے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، بہت سارا مواد۔ کچھ تھوڑا سا ہے ایسا جو پہلے آ چکا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر آپ نے ابھی فرمایا کہ ____ یہ سوال ایک دفعہ میں پہلے بھی پوچھ چکا ہوں مگر دوسرے حصے میں تھا ____ کہ زمانہ بدل رہا ہے، نئے مسائل حل کرنے کے لئے نئی تشریح وغیرہ کی، interpretation کی ضرورت ہوتی ہے، مرزا صاحب نے یہ interpretation کی۔ کیا یہ interpretation سوائے ایک نبی کے اور انسان بھی کر سکتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: اللہ تعالیٰ نے تمام نیک بندے اپنی اپنی ضرورت کے مطابق ____ اور ''اپنی'' سے مراد ہے امت محمدیہ کے اندر، اس زمانہ اور اس مقام کی ضرورت کے مطابق ____ بے حد جو ہے یعنی ایسا سمندر خزانے کا جس کے کنارے کوئی نہیں، قرآن کریم، خدا تعالیٰ کا کلام، خدا تعالیٰ کے فعل کی طرح اپنے اندر وسعت رکھتا ہے ____ وہ اپنا اپنا حصہ اپنی استعداد کے مطابق، اپنی ضرورت کے مطابق لیتے رہے----

جناب یحییٰ بختیار: باقی بھی کر سکتے ہیں؟ یہ ضروری نہیں----

مرزا ناصر احمد: ......کرتے رہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یعنی ضروری نہیں کہ نبی ہی interpretation کر سکتا ہے، باقی مسلمان، نیک، اولیاء......

مرزا ناصر احمد: اولیاء اللہ تعالیٰ سے سیکھ کر، سینکڑوں، ہزاروں، شاید لاکھوں کی تعداد میں، اس وقت اس قابل رہ چکے ہیں، ہماری تاریخ میں، جنھوں نے کہ نئی interpretation کی۔

جناب یحییٰ بختیار: اور آئندہ بھی کر سکتے ہیں ناں ؟

مرزا ناصر احمد: اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: آئندہ بھی کر سکتے ہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، آئندہ بھی کر سکتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ......تو اس کے لئے نبی کے آنے کی ضرورت تو نہیں کہ بات نبی کرے گا یہ؟

مرزا ناصر احمد: اس کے لئے اس شخص کے آنے کی ضرورت تھی جس کے آنے پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مہر لگائی تھی۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو، مرزا صاحب! میں پوچھ چکا ہوں۔ آپ نے کہا کہ بس، ان کے بعد اور کوئی نبی نہیں آئے گا، مرزا صاحب۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: میں نے یہ نہیں کہا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یعنی امکانی دنیا کی بات میں نہیں کر رہا۔ جو ہماری ہدایت ہے، قرآن شریف کی، اس کی interpretation کے مطابق۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، میں نے یہ کہا تھا یہ ٹھیک ہے، اب آپ نے میری طرف سے صحیح بات کی میں نے یہ کہا تھا کہ امکانی بات کو چھوڑ دیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں نہیں، وہ چھوڑ دیتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: وہ چھوڑ دی۔ میں نے یہ کہا تھا کہ امت محمدیہ میں صرف وہ نبی بن سکتا ہے جس کی نبی اکرم صلی علیہ وسلم نے بشارت دی ہو، اور ہمارے علم میں صرف ایک کی بشارت ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ان سے پہلے کوئی نہیں آیا، مرزا صاحب سے، اور بعد میں کوئی آ جائے گا؟



مرزا ناصر احمد: ہمارے علم میں صرف ایک کی بشارت ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، بشارت ...... یہ کہ اور بھی نہیں آ سکے گا؟

مرزا ناصر احمد: ہمارے علم میں کسی اور کی بشارت نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور وہ مہر صرف ایک دفعہ استعمال ہوئی، بس؟

مرزا ناصر احمد: اس معاملہ میں۔ لیکن میں نے بتایا کروڑوں آدمی ایسے پیدا ہوئے جو فیض محمدیؐ سے فیضیاب ہو کر دینا کی اصلاح کا، دنیا کی بہود کا، فلاح کا کام کرتے رہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ ''ختم نبوت'' کی جو interpretation ہے آپ کی، اس کے مطابق میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ''ختم نبوت'' کی interpretation کے مطابق ہی وہ لاکھوں پیدا ہوتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نبی اور بھی؟

مرزا ناصر احمد: نبی نہیں،۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نبی کی میں بات کر رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ...... نبی اکرم صلی علیہ وسلم کے فیض سے حصہ پانے والے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو ٹھیک ہے، اولیاء بھی آ سکتے ہیں، مگر نبی جو ہیں ناں، میں نے آپ____ تا کہ پھر نہ confusion ہو جائے، ایک مسئلہ بڑی مشکل سے clear ہو گیا تھا۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اب بھی clear ہے۔ صرف یہ ہے کہ میں یہ کہتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک کے آنے کی خبر دی، ہمارے علم میں۔ یہ میرا جواب ہے، یہ نوٹ کر لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، اس واسطے میں نے عرض کیا کہ مرزا صاحب کے علاوہ اور کوئی نہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جو میں کہہ چکا ہوں وہ کافی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......اور کوئی نہیں آئیں گے؟

مرزا ناصر احمد: میں جو کہہ چکا ہوں وہ کافی ہے۔ جو میں نے جواب دیئے، میرے نزدیک وہ کافی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، تو میں وہی جواب پوچھ رہا ہوں، مرزا صاحب!

مرزا ناصر احمد: میں یہ جواب دے چکا ہوں کہ ہمارے علم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی اور کے آنے کی خبر نہیں دی۔ یہ میرا جواب ہے۔ بس ختم ہوئی بات۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا غلام احمد صاحب کے علاوہ۔

یہاں یہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کہتے ہیں۔ at page 10:

"We hold the belief that this succession of Prophets will continue in the future as it has done in the past for reason repudiates any permanent cessation of it........"

مرزا ناصر احمد: امکانی بحث ہے یہ۔

جناب یحییٰ بختیار: بس، وہ پھر آپ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: میں نے، ہاں، میں نے، اس کی interpretation میں نے کرنی ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar :**

"....... If mankind is to continue to pass through ages of spiritual darkness, ages in which men will wander away from their Maker............."

مرزا ناصر احمد: یہ بہت لمبی بحث پہلے بھی ہو چکی ہے۔ وہ اگر کوئی اور سوال ہوں تو ان کا زیادہ اچھا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے کہا تھا، مرزا صاحب! کہ ہزاروں نبی آئیں گے اور۔۔۔

مرزا ناصر احمد: امکانی۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے کہا ''امکانی'' یہاں تو کہتے ہیں:

We hold the belief "..........

مرزا ناصر احمد: امکانی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** This is a question of faith, belief

امکانی اور بات ہے، جو قرآن کے مطابق، روشنی میں، میں تو یہ سمجھتا ہوں وہ یہ نہیں کہتے کہ ...... اللہ میاں ساری دنیا کو ختم کر سکتا ہے، تو اس کے بعد تو interpretation کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ یہ امکان ہو سکتا ہے کہ یہ زمین ہی ختم، اس کے بعد قرآن کی interpretation بھی ختم وہ رب العالمین ہے۔ کئی دنیائیں اور ہیں۔ وہ بات، امکانی بات میں نہیں کر سکتا۔ اللہ میاں کے بس کی بات ہے کہ قرآن کو منسوخ کر کے نیا شرعی نبی لے آئے، وہ امکانی بات ہے۔ مگر جو اللہ میاں کا جو موجودہ قانونی ہے، اس کی interpretation کے مطابق یہ بات ہو رہی ہے۔ آپ نے کہا کہ ''وہی ایک کی بشارت ہے'' اور یہاں یہ کہہ رہے ہیں کہ ''اور بھی آئیں گے'' میں اس واسطے کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ ...... یہ مطلب کچھ اور ہے ان کا:

"We hold the belief that this succession of Prophets will continue in the future as it has done in the past for reason repudiates any permanent cessation of it. If mankind is to continue to pass through ages of spiritual darkness, ages

in which men will wander away from their Maker if, from time to time, men are to be liable to go astray from the right path and to grope in the thick darkness of doubt and despair in their efforts to regain it; if they are to continue their search for light in all such ages and times, it is impossible to believe that divine torch-bearers and guides, should cease to appear; for it is inconsistent with, Rahmaniyat, the mercy of God, that he should permit the ill but should not provide the remedy, that He should create the yearning but should withdraw the means of satisfying it."

The he says how this Prophet came.........

<u>مرزا ناصر احمد</u>: یہ تو پھر میں دیکھ کے کل بتاؤں گا، کیونکہ اس وقت تو پھر بحث شروع ہو جاتی ہے۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں جی، میں نے صرف پڑھ کر سنایا ہے۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں، ہاں۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: ...... انگریزی ہے، اور بڑی اچھی انگریزی ہے، کیونکہ چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے ٹرانسلیٹ کیا ہے اس کو۔ اس پر وہ دوسری بات۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: اس کی اردو بھی موجود ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: ہاں، نہیں، نہیں، یعنی ٹرانسلیشن کی جو ہے۔۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ...... ممکن ہے وہاں روشنی زیادہ ملے

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Turned it into a very good English. اور چوہدری صاحب نے کیا ہے، میں نے پڑھا تھا کہیں۔

مرزا صاحب! ایک سوال تھا، جو کہ میں اس وقت پوچھنا نہیں چاہتا، مگر وہ میرے خیال میں چونکہ وہ بہت ایک لمبا چوڑا سوال ہے____ بہت پیچیدہ سوال آئے ہیں



میرے پاس____ میں چاہتا ہوں کہ اس پر بہت ہی کم وقت لگے تو بہتر ہو گا۔

وہ جہاد کے متعلق آپ کا کیا عقیدہ ہے؟ وہ آپ briefly بتادیں، بجائے اس کے کہ میں آپ سے سوال پوچھوں کہ جی، جہاد بالسیف منسوخ ہو گیا؟

<u>مرزا ناصر احمد</u>: نہیں، میں ایک فقرے میں بتا دیتا ہوں۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں، اس واسطے کہ وہاں وہ کہتے ہیں کہ جہاں تلوار کا منسوخ ہو گیا ہے، یہ ہوا۔ آپ کا جو ویو پوائنٹ ہے۔۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ جہاد جو ہے اپنی شرائط کے ساتھ واجب ہو جاتا ہے۔ جو شرائط جہاد ہمارے لٹریچر میں پہلے آئی ہوئی ہیں، علماء نے بحث کی ہے، اگر وہ شرائط موجود، ہوں تو جہاد فرض ہے۔ اور اگر وہ شرائط موجود نہ ہوں تو جہاد جائز ہی نہیں۔ اور یہ فقرہ میرے بتانے کے لئے کافی ہے۔ ہم جہاد کو، جو قرآن کریم نے اپنے رنگ میں____ عظیم کتاب ہے____ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ کے جو ارشادات ہیں ...... کوئی دنیا کا شخص اسے منسوخ نہیں کر سکتا، التواء کر سکتا ہے، یہ کہہ کے کہ آج کے دن یا آج کے زمانے میں جہاد کی شرائط نہیں پائی جاتیں، اس لئے جہاد نہیں ہو گا۔ اور اس وجہ سے علمائے امت نے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث جو جہاد کے متعلق آتی ہے:

اس کے یہی معنیٰ کئے ہیں کہ مہدی کے زمانہ میں جہاد کی شرائط جو ہیں، وہ نہیں پوری ہونگی۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: مرزا صاحب! یہ جو انگریز کا زمانہ تھا، اس میں آپ سمجھتے تھے کہ یہ ملتوی ہو گیا، منسوخ نہیں ہوا۔۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں۔

جناب یحیٰی بختیار: ......یہ مطلب ہوا ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، بالکل یہ مطلب ہوا۔ اور ''محضر نامہ'' میں اس کا جواب۔۔۔۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، میں اس کے متعلق۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ......جواب موجود ہے۔ اگر آپ سوال دہرائیں گے تو آپ نے خود مجھے اجازت دی تھی کہ میں جواب بھی دہرا دوں۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، وہ تو جو چیز ریکارڈ پر آ چکی ہے، as a statement ایک تو ہوتی ہے ناں evidence ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جو چیز ریکارڈ میں آ چکی ہے، as a question ۔۔۔۔

جناب یحیٰی بختیار: میں نے کونسا سوال دہرایا ہے، مرزا صاحب؟

مرزا ناصر احمد: یہی جہاد کا۔

جناب یحیٰی بختیار: جہاد کا سوال تو پہلی دفعہ پوچھ رہا ہوں آپ سے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ سارا آیا ہوا ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، نہیں، میں نے تو یہ سوال پہلی دفعہ پوچھا ہے اب۔ میں نے کہا کہ میں تو اس پر بعد میں آ رہا تھا۔ اس کا سوال میں نے پہلی دفعہ پوچھا ہے۔ آپ بے شک توجہ دلا دیجئے کہ فلانے فلانے pages پر جواب دے چکے ہیں آپ۔

مرزا ناصر احمد: ہاں ''محضر نامہ'' میں ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: ہاں، وہ آپ بے شک کہہ دیں کہ ''page فلانے اور فلانے پر ہم جواب دے چکے ہیں'' that will cover it I will read it again اور کوئی سپلیمنٹری کی ضرورت نہیں ہے۔



مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، یہ جو ہے ''انکار جہاد کے الزام کی حقیقت'' یہ ''محضر نامہ'' کا عنوان ہے۔ یہ عنوان تو شروع ہو گیا 115 صفحے پر، اور یہ مضمون شروع ہوا ہے 117 صفحے پر، اور یہ ختم ہوا ہے 146 صفحے پر اور اس بحث میں اس زمانہ میں جہاد کے التواء یعنی لازم نہ ہونے، شرائط کے پورے نہ ہونے کے متعلق جو حوالے ہم نے ان بزرگوں کے پڑھے تھے جو احمدی نہیں، وہ یہ ہیں_____ میں نام بتا دیتا ہوں:۔

مولانا سید حبیب صاحب، مدیر ''سیاست'' چوہدری افضل حق، مفکر احرار، ''صادق الخبار'' ریواڑی میں ہے، مرزا حیرت دہلوی کا حوالہ ہے، اور اخبار ''وکیل'' امرتسر، ابوالکلام آزاد صاحب کا حوالہ ہے، اور حضرت خواجہ غلام فرید کا سجادہ نشین چاچڑاں شریف کا حوالہ ہے۔۔۔۔۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، وہ تو ٹھیک ہے، مرزا صاحب!۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ......اور انہوں نے اس زمانے کے متعلق اس رائے کا اظہار کیا ہے جس رائے کا اظہار بانی سلسلہ احمدیہ نے کیا ہے، اور ہمارے جو پچھلی صدی کے مجدد تھے ناں، ان پر اعتراض کیا کہ آپ وہاں جا کے سکھوں سے لڑ رہے ہیں اور ایک غیر مسلم عیسائی حکومت یہاں ہے موجود، اس کو چھوڑ کے جا رہے ہیں۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ اس حکومت سے جہاد جائز ہی نہیں ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، وہ میں سمجھتا ہوں جی، وہ میں سوال یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ ایک خاص حالات، ایک لڑائی ہے، جیسا کہ 1857 کی تھی۔ اس پر انہوں نے کہا کہ یہ جہاد نہیں ہے، یہ غلط ہے۔ یہ ایک incedent کے بارے میں ہے ایک یہ ہے کہ انگریز کے دور میں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، انگریز کے دور کا ہی میں ذکر کر رہا ہوں۔

جناب یحیٰ بختیار: ...... کر رہا ہوں۔ جہاد جو ہے، ملتوی ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: میں اس کی بات کر رہا ہوں۔

جناب یحیٰ بختیار: ......یعنی مرزا صاحب کہہ رہے ہیں کہ سارے انگریز کے دور میں جہاد ملتوی ہے، past present and future میں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، future کا جب تک خدا تعالیٰ انہیں نہ کہتا، وہ نہ کہہ سکتے۔

جناب یحیٰ بختیار: نہیں، میں یہی clarify کر رہا ہوں کہ جب تک وہ کہہ رہے ہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جب تک وہ حالات رہیں۔ یہ دیکھیں، یہ سن لیں، حضرت سید احمد صاحب بریلوی کیا کہتے ہیں:

''سرکار انگریزی گو منکر اسلام ہے۔۔۔۔۔''

یہ سرکار انگریزی کی بات ہو رہی ہے ناں:

''......مسلمانوں پر کچھ ظلم اور تعدی نہیں کرتی، نہ ان کو فرض مذہبی اور عبادت لازمی سے روکتی ہے۔ ہم ان کے ملک میں اعلانیہ وعظ کہتے اور ترویج کرتے ہیں اور وہ کبھی مانع اور مزاحم نہیں ہوتی، بلکہ اگر ہم پر کوئی زیادتی کرتا ہے تو اس کو سزا دینے کو تیار ہے۔ ہمارا اصل کام اشاعت توحید الٰہی اور احیائے سنن سید المرسلینؐ ہے جو ہم بلا روک ٹوک اس ملک میں کرتے ہیں۔ پھر ہم سرکار انگریزی پر کس سبب سے جہاد کریں۔''

جناب یحیٰ بختیار: نہیں، یہ میں نے پڑھا ہے جی۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: تو یہ تو اور ہے ناں۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں، وہ سب صرف اس لئے کہ آپ پڑھ لیں۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ عام ہے۔ اور اصل جو مسئلہ ہے وہ یہ ہے ______ یہ تو اس مسئلہ کا اطلاق ہر زمانے میں ہے ناں ______ مسئلہ یہ ہے، متفق علیہ ______ شرائط میں ممکن ہے کوئی تھوڑا بہت فرق ہو ______ کہ جب تک شرائط جہاد پوری نہ ہوں جہاد فرض نہیں، اور جب جہاد کی شرائط ہوں گو اس وقت جہاد سے پیچھے رہنا گناہ ہے۔ یہی ہمارا مسئلہ ہے۔

---

*(At this stage Mr. Chairman vacated the Chair which was occupied by Madam Deputy Speaker (Dr. Mrs. Ashraf Khatoon Abbasi)*

---

جناب یحیٰ بختیار: ٹھیک ہے، یہ ایک آپ نے clarify کر دیا۔ اس میں ایک اور پوائنٹ ہے۔ ایک تو شرائط موجود نہیں، اس لئے جہاد جائز نہیں۔ دوسرا، شرائط موجود ہیں، جہاد جائز ہے، مگر method تلوار کا نہیں قلم کا ہو، یہ بھی آپ کا ہے کوئی؟ اس پر۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ سوال یہ ہے کہ اسلامی لٹریچر میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں تین جہادوں کا ذکر ہے۔ ایک کو ہمارا لٹریچر کہتا ہے ''جہاد اکبر'' اور اس کا مفہوم یہ لیا جاتا ہے: ''اپنے نفس کے خلاف جہاد، محاسبہ نفس، self criticism اصلاح نفس کی خاطر'' اس کو اسلامی اصطلاح میں ''جہاد اکبر'' کہتے ہیں۔

اور ایک اسلامی اور قرآن کریم کی اصطلاع میں آتا ہے ''جہاد کبیر'' اور وہ قرآن عظیم اور اسلام کی تبلیغ اور اشاعت کا نام، اور قرآن کریم میں آیا ہے:

قرآن کریم کو لے کر دنیا میں اس کی اشاعت کا جو کام ہے وہ قرآنی اصطلاح میں ''جہاد کبیر'' کہلاتا ہے۔

اور ایک ''جہادصغیر'' اور وہ تلوار کی جنگ یا اب جنگ کے حالات بدل گئے، اب بندوق اور ایٹم بم سے ہونے لگ گئی، بہر حال، مادی ذرائع سے انسانی جان کی حفاظت کے لئے یا لینے کے لئے تیار ہو جانا، یہ ہے ''جہادصغیر''۔

تو جو آپ نے اب بات کی، دوسری، وہ جہاد کبیر سے تعلق رکھتی ہے، جہادصغیر سے نہیں:

قرآن کریم کی آیت ہے کہ اس قرآن کریم کو لے کے دنیا میں پھیلو اور اس ہدایت اور شریعت کو پھیلانے کا جہاد کرو، تبلیغ کا جہاد کرو۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ تلوار کی جو۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہ، نہ، قرآن کریم۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں تلوار کے جہاد کی clarification چاہتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: وہ جہادصغیر کہلاتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی وہ جو تھا، مرزا صاحب نے کہا انگریز کے درر میں وہ بھی منسوخ ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: حضرت مرزا صاحب نے، حضرت مرزا صاحب سے پہلے مجدد نے، اور اس وقت کے علمائے وقت نے یہ کہا۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں مرزا صاحب کا...... کیونکہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... میں بتا چکا ہوں کہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ اگر شرائط جہاد نہ ہو، نہ پائی جائیں، تو جہاد نہیں ہوگا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ تو ایک بات ہوگئی۔۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: ...... اور حضرت مرزا صاحب نے یہ کہا ____ باقیوں کی طرح ____ کہ اس وقت شرائط جہاد نہیں پائی جاتیں، ہمیں مذہبی آزادی ہے، اور۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں یہ تو clear ہوگئی، آپ نے جو بات کی۔

دوسری بات۔ اس کی اگر شرائط موجود ہوں تو پھر وہ method جو ہے۔ وہ تلوار کا نہیں قلم کا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، ۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ کہاں آتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: او ہو! میں نے اس کو تو explain کیا۔ جب جہاد کی شرائط موجود ہوں، جہادصغیر کی، تو جہادصغیر کیا جائے گا، یعنی تلوار کا جہاد۔ اور جس وقت جہادصغیر کی شرائط موجود نہ ہوں تو جہادصغیر نہیں کیا جائے گا۔ یہ تو یہاں ختم ہوگیا۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: ...... بات بند۔

دوسرا باب شروع ہوا ہے جہاد کبیر کا، اور وہ ہے قلم کا جہاد، وہ ہے قرآن کریم کے معانی اور اشاعت کا جہاد۔ اس کا تعلق جہادصغیر سے نہیں ہے۔ اس کو ''جہاد کبیر'' کہتا ہے قرآن کریم اور جب جہاد صغیر ...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر جہاد صغیر ____ تلوار کا جہاد ____ ملتوی ہو، بوجہ شرائط کے پوری نہ ہونے کے، تب بھی جو جہاد کبیر ہے، اس سے بڑا جہاد ہے، قلم کا جہاد، قرآن کریم کو لے کے دنیا میں اس کی اشاعت کرنے کا جہاد یہ نہیں کہ ایک آدمی کھڑے ہو کے کہہ دے کہ ''تلوار کا جہاد نہیں ہے، اس لئے ہم تبلیغ کا جہاد بھی نہیں کریں گے'' یہ غلط ہوگا ____ شرائط جہادصغیر نہ ہوں موجود، تب بھی جہاد کبیر، قلم کا جہاد جو ہے، وہ ضروری ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: انگریز کے زمانے میں جہاد کبیر کے حالات موجود تھے مگر جہاد صغیر کے نہیں تھے؟

مرزا ناصر احمد: انگریز کے زمانے میں اس وقت کے تمام کی رائے کے مطابق جہاد صغیر کے حالات نہیں تھے۔ مگر ہر زمانے میں جہاد کبیر کے حالات رہتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی اگر مسلمانوں کا ملک ہو، مسلمانوں کی حکومت ہو_____ یہ تو انگریز کی حکومت تھی_____ ادھر بھی جہاد کبیر چلتا رہتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: قرآن کریم کو، سنت کو قائم کرنا، اور اصلاح امت، جو اس ملک میں رہ رہی ہو، اس کی کوشش کرتے رہنا اور بیدار رہنا، کوئی وسوسہ، کوئی بدعت بیچ میں نہ آ جائے، یہ جہاد کبیر ہے، یہ چلتا رہتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو میں سمجھ گیا ہوں۔ یہ میرا impression ہے کہ مرزا صاحب نے تلوار کو قلم سے substitute کیا۔

**Mirza Nasir Ahmad:** No, no,.............

جناب یحییٰ بختیار: یہ جو ناں-----

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں یہ نہیں ہے۔ یہ کیا کہ قلم کے جہاد کی نہیں ہیں وہ شرائط یہاں موجود، لیکن جہاد کبیر کی اس زمانہ میں خاص کر ضرورت ہے، کیونکہ غیر مذاہب حملہ آور ہو رہے تھے-----

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، نہیں، وہ تو میں سمجھ گیا ہوں----

مرزا ناصر احمد: ...... یعنی یہ بڑی وضاحت سے ہے کہ اگر شرائط پوری ہوں گی تو احمدی لڑیں گے جا کر، باقی مسلمانوں کے ساتھ مل کے۔

جناب یحییٰ بختیار: اس پر بہت سارے سوال ہیں جی، میرے پاس۔ پھر میں ان میں سے ایک دو ذرا دیکھ کے، تا کہ ٹائم ضائع نہ ہو-----

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، مجھے تو آپ ریسٹ دے دیتے ہیں، شکریہ۔



جناب یحییٰ بختیار: ہیں جی؟

مرزا ناصر احمد: میں نے کہا مجھے آپ ذرا آرام پہنچا دیتے ہیں، شکریہ

جناب یحییٰ بختیار: تو ہم پانچ دس منٹ کی بریک کر لیتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، میرا مطلب تھا کہ یہ بھی ایک ہو جاتا ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر پانچ دس منٹ کی بریک کر دیتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ایک ہونی تو ہے کسی وقت۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ہاں، انہوں نے کہا کہ ابھی کر دیتے ہیں، تا کہ اس کے بعد آدھا گھنٹہ اور بیٹھ لیتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ٹھیک ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Mr. Chairman Shall we have a fresh for five or ten minutes?

*(Interruption)*

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، انہوں نے کل کہا ہے۔ اور مجھ پر بہت پریشر ہے کہ یہ سوال آپ پوچھیں پہلے۔ ایک طرف ممبر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہمارے سوال سب پوچھیں، دوسری طرف سے وہ کہہ رہے ہیں کہ جلدی فیصلہ ہو۔

محترمہ چیئرمین (ڈاکٹر مسز اشرف خاتون عباسی): نہیں، آج تو دس بجے تک چلیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، تو ابھی بریک کر لیتے ہیں ناں جی، ابھی بریک کر لیتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: دس، ساڑھے دس بجے تک چلائیں بیشک۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، بیشک اب صرف پھر دس پندرہ منٹ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، پندرہ منٹ کی بریک کر لیتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... ایک پیالی چائے کی پی لیں گے ذرا پھر اس کے بعد۔۔۔

مرزا ناصر احمد: کیوں جی، اجازت ہے، چیئرمین، سر؟

جناب یحییٰ بختیار: اجازت ہے؟ Break for five or fifteen minutes

محترمہ چیئرمین: دس منٹ کے لئے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Fifteen minutes. Then we will come back at 9.30.

**Mirza Nasir Ahmad :** 9.30?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** 9.30

محترمہ چیئرمین: اچھا۔

The Delegation is allowed to leave, and come back at 9.30.

*(The Delegation left the Chamber).*

**Madam Chairman :** I think the members may keep sitting. Otherwise, if you leave the Hall, we will not be able to come back and form the quorum.

---

*The Special Committee adjourned for tea break to meet at 9.30 p.m.*

---

*[The Special Committee re-assembled after tea break, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.]*

---

**Mr. Chairman:** The Delegation may be called. Up to 10.15, We will sit up to 10.15.



*(The Delegation entered the Chamber.)*

**Mr. Chairman:** Yes, Mr. Attorney-General.

جناب یحییٰ بختیار: یہ، مرزا صاحب! یہ جہاد کے متعلق مجھے کچھ خیال ہے کہ مجھے کچھ pages معلوم نہیں تھے۔ میں نے کتاب نکلوا لی ہے۔ ''یہ تبلیغ رسالت'' سے، حصہ دوم، یہاں لکھا ہوا ہے، page ...... جلد ہفتم، page 17 پر ہے۔

''میرے اصولوں، اعتقادوں اور ہدایتوں میں کوئی عمل جنگجوئی و فساد کا نہیں۔۔۔۔''

یہاں تک تو بالکل clear ہے، کہ جنگجوئی، فساد تو ٹھیک بات نہیں:

,,......اور میں یقین رکھتا ہوں کہ جیسے جیسے میرے مرید بڑھیں گے ویسے ویسے ہی مسئلہ جہاد کے معتقد کم ہوتے جائیں گے۔ کیونکہ مجھے مسیح اور مہدی زمان مان لینا ہی مسئلہ جہاد سے انکار کرنا ہے''

اس کی clarification کی ضرورت ہو گی کیونکہ ایک طرف تو وہ فرماتے ہیں کہ ''جنگجوئی'' وہ تو ٹھیک ہے۔ اور بعد میں وہ فرماتے ہیں کہ:

,,میں یقین رکھتا ہوں کہ جیسے جیسے میرے مرید بڑھتے جائیں گے ویسے ویسے ہی مسئلہ جہاد کے معتقد کم ہوتے جائیں گے۔ کیونکہ مجھے مسیح اور مہدی زمان مان لینا ہی مسئلہ جہاد سے انکار کرنا ہے''

تو ایک طرف تو آپ نے کہا کہ کیونکہ حالات ایسے ہیں کہ وہ ملتوی ہے۔ اور یہاں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسیح آ گیا ہے اور مہدی زمان آ گیا ہے، اس لئے جہاد کی ضرورت نہیں، اگر میں اس کو صحیح سمجھا، ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، ٹھیک ہے، یہ میں نے جو صرف ایک حوالہ، اس سے تو مسئلہ حل نہیں ناں ہوتا۔ اور حوالے بھی دیکھنے پڑیں گے۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں، وہ تو ٹھیک ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ایک آپ، یہ جو ہے ناں، اس کا آپ اگر تھوڑا سا explain کر دیں۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: جی اس کے explanation کئی ہو سکتے ہیں۔ ایک تو یہاں ''جہاد'' سے شرعی اسلامی جہاد مراد نہیں، بلکہ جہاد کی وہ غلط conception ہے جو اس زمانہ میں پائی جاتی تھی۔ اور یہاں یہ فرمایا ہے کہ ''جوں جوں میں اس مسئلے کو واضح کرتا چلا جاؤں گا کہ اسلام کے نزدیک یہ جہاد ہے اور تمہارا موجودہ تصور جہاد درست نہیں ہے، تو جو موجودہ غلط تصور ہے اس کے معتقدین کی تعداد بڑھنے سے وہ دوسروں کی تعداد کم ہوتی چلی جائے گی'' اور دوسرے وہ جو ہے شرائط کے متعلق، وہ بھی اس کے ساتھ آئیگا کہ اگر یقین لوگوں کے نزدیک شرائط جہاد ہیں ____ یہ کوئی ایسا بھی ہو سکتا ہے ____ حضرت مسیح موعود علیہ الصوۃ والسلام نے بڑی وضاحت سے یہ تحریر فرمایا ہے کہ جب بھی جہاد کی شرائط موجود ہوں، لڑنا پڑے گا۔ یہ فرض ہے مسلمان احمدی کا۔ سارے فرقوں کا یہ common مسئلہ ہے، کوئی علیحدہ تو نہیں۔

مثلاً ایک میں چھوٹا سا حوالہ میں پڑھ دیتا ہوں اس کے مقابلے میں، ان دونوں کو ملا کر...... یہ ''نورالحق'' حصہ دوم، میں ہے:

''...... بلکہ صرف ان لوگوں کے ساتھ لڑنے کا حکم فرماتا ہے جو خداتعالیٰ کے بندوں کو ایمان لانے سے روکیں اور اس بات سے روکیں کہ وہ خدا تعالیٰ کے حکموں پر کاربند ہوں اور اس کی عبادت کریں، اور ان لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے جو مسلمانوں سے بے وجہ لڑتے ہیں اور مومنوں کو ان کے گھروں اور وطنوں سے نکالتے ہیں اور خلق اللہ کی جبراً اپنے دین میں داخل کرتے ہیں اور دین اسلام کو نابود کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو مسلمان



ہونے سے روکتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر خدا تعالیٰ کا غضب ہے اور مومنوں پر واجب ہے جو ان سے لڑیں اگر وہ باز نہ آویں۔''

تو یہاں جہاد کی ان شرائط کے پورا ہونے کے ساتھ جہاد کے وجوب کا فتویٰ دے دیا۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں، مرزا صاحب! میں جو پوزیشن clarify کرانا چاہتا تھا، ایک تو آپ نے فرمایا کہ جہاد کی بعض شرائط ہوتی ہیں، اگر وہ شرائط موجود ہوں تو جہاد فرض ہو جاتا ہے، ورنہ جائز نہیں۔ پھر دوسرا ساتھ یہ سوال آ جاتا ہے کہ چونکہ وہ مسیح موعود ہیں، مہدی آخرالزمان ہیں، ان کے آنے کی وجہ سے جہاد بالکل ہی ختم ہے اب یہ کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ حالات ہو یا نہ ہوں یہ میں اس وقت پوزیشن۔۔۔۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں نہیں، یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: یہ پوزیشن نہیں ہے؟

<u>مرزا ناصر احمد</u>: نہیں یہ پوزیشن نہیں ہے، بالکل نہیں ہے۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>:

''...... جیسا کہ حدیثوں میں پہلے لکھا گیا تھا کہ جب مسیح آئیگا تو دین کے لئے لڑنا حرام کیا جائیگا۔۔۔۔''

<u>مرزا ناصر احمد</u>: کوئی شرائط پوری نہیں ہوں گی اور۔۔۔۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>:

''...... سو آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا'' تو یہ تو ملتوی نہیں ہوا۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: وہ دوسری جگہ ملتوی کرنے کا لکھا ہوا ہے۔

<u>جناب یحییٰ بختیار</u>: نہیں، یہ میں کہہ رہا ہوں کہ دونوں کے لئے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: دین کے لئے وہ کر دیا گیا التواء۔ وہ اردو کے شعروں میں ہے کہ وہ دینی جنگوں کا التواء کر دیگا میرا مطلب صرف ایک ہے، اصولیؒ کہ تمام اقتباسات سامنے رکھ کر پھر ہم صحیح نتیجے پر پہنچ سکتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! میں اسی لئے تو آپ سے درخواست کر رہا ہوں کہ آپ کا اپنا جو concept ہے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: میراconcept یہ ہے کہ شرائط پوری ہوں تو ہر مومن کے لئے جہاد کرنا تلوار کے ساتھ۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو میں سمجھ گیا۔ کیونکہ میرے پاس حوالے تھے لیکن کتاب نہیں تھی اس لئے میں نے ان سے کہا کہ مجھے دے دیجئے۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: اس روشنی میں اس کی interpretation ہو گی۔

جناب یحییٰ بختیار: ''......کیونکہ یہاں اتنے clear الفاظ میں وہ کہتے ہیں کہ کیونکہ مسیح موعود آ گئے ہیں، جہاد تو وہی ہے دین کے لئے لڑنا، یہ تو یعنی clear ہے، جہاد۔ اور جنگ ونگ تو اور بات ہوتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں ''دین کی جنگوں کا التواء کر دے گا'' دوسری جگہ یہ ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ہاں، جہاد تو ہم اسی کو کہتے ہیں جو دین کے لئے لڑے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، دین کی لڑائی۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو یہ کہہ رہے ہیں کہ آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: شرائط پوری نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ یہ۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ دوسری جگہ لکھا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہاں کا میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میرا مطلب یہ ہے کہ دوسری جگہ یہ التواء میں کر دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاںreasons ہیں، وہاں حالات اور شرائط کی موجودگی میں نہ ہو گا۔

مرزا ناصر احمد: یہاں reasons ...... اچھا، اگر مجھے اجازت دیں، جب آپ کا سوال ختم ہو جائے تو میں بتا دوں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ میں پڑھ لیتا ہوں پورا اس کو۔ پورا پیرا یہاں سے شروع ہوتا ہے، جس کی مجھے ٹھیک سمجھ نہیں آتی:

''......تیسرے وہ گھنٹہ جو منارہ کے کسی حصہ دیوار میں نصب کرایا جائیگا۔ اس کے نیچے یہ حقیقت مخفی ہے کہ تمام لوگ اپنے وقت کو پہچان لیں، یعنی سمجھ لیں کہ آسمان کے دروازوں کے کھلنے کا وقت آ گیا۔ اب سے زمینی جہاد بند کئے گئے، لڑائیوں کا خاتمہ ہو گیا، جیسا کہ حدیثوں میں پہلے لکھا گیا تھا کہ جب مسیح آئیگا تو دین کے لئے لڑنا حرام کیا جائیگا۔ تو آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا ہے۔ اس کے بعد جو دین کے لئے تلوار اٹھاتا ہے، غازی نام رکھا کر کافروں کو قتل کرتا ہے، وہ خدا اور اس کے رسول کا نافرمان ہے۔

صحیح بخاری کو کھولو اور اس حدیث کو پڑھ جو مسیح موعود کے حق میں ہے۔''

تو یہاں مرزا صاحب جو فرما رہے ہیں، جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں، کیونکہ وہ مسیح ہیں، مسیح موعود ہیں، وہ آ چکے ہیں، اس لئے یہ کتابوں میں، حدیثوں کی یہی اتھارٹی ہے کہ جب وہ آئیں گے تو دین کے لئے لڑنا حرام ہو جائیگا۔ تو یہ حالات کے لئے postpone نہیں ہوتا۔ اس کے لئے آپ کہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، آپ کا سوال ختم ہو گیا؟ میری باری؟ پھر تشریف رکھیں، شاید لمبا میں کردوں۔

اس میں یہ جو عبارت آپ نے ابھی پڑھی، اس سے، آخری جو اس کے فقرے تھے، سے عیاں ہے کہ جو بھی مضمون بیان ہوا ہے وہ احادیث کی شرح ہے۔ تو احادیث کو سامنے رکھیں، پھر پتے لگے گا کہ شرح درست ہوئی ہے یا نہیں۔ تو آپ اجازت دیں تو کل میں حدیثیں آپ کے سامنے یہاں بیان کر کے۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو جی میں کہہ رہا ہوں کہ حدیثوں میں تو یہی ہے کہ مسیح آئیگا تو اس کے بعد جہاد حرام ہو جائیگا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ نہیں ناں۔ اچھا، میں پھر ابھی بیان کردیتا ہوں۔ ہاں، میں ابھی بیان کر دیتا ہوں۔

حدیث میں یہ ہے کہ مہدی اور مسیح کے آنے کے وقت شرائط جہاد نہیں ہوں گی اور اس وقت اسلام کی جنگیں جو ہیں وہ جہاد کبیر کی شکل میں لڑی جائیں گی، جہاد صغیر کی شکل میں نہیں لڑی جائیں گی، امن کا زمانہ ہوگا، وہ تمام شرائط کہ دینی لحاظ سے جبر کیا جاتا ہے، روکا جاتا ہے ان کو، وہ زمانہ نہیں ہوگا۔ اور اس کا جو پہلا اطلاق ہے وہ صرف مہدی موعود کی زندگی کے ساتھ ہے۔ اور آپ کی زندگی میں اور بھی یہاں ہندوستان کسی نے جہاد کی شرائط کے پورا ہونے کا اعلان نہیں کیا۔ وہ جو حدیثوں میں آتا ہے اس کی جو شرح ہم کرتے ہیں، میرا خیال ہے اور میرے ذہن میں نہیں، پہلے بزرگ بھی یہی کرتے ہیں کہ وہ احادیث جن میں یہ ذکر ہے کہ مہدی اور مسیح کے آنے کے وقت:

صاف ہیں الفاظ کہ ''وہ حرب کو رکھ دے گا' منسوخ کر دیگا'' نہیں ہے، یعنی ''ملتوی کر دے گا'' یہ عربی کا محاورہ ہے۔ ایک تو مہدی کی زندگی میں جہاد کی شرائط پوری نہیں،



اس لئے _____ یعنی ہمارے اپنے ایمان کے مطابق، میں اپنی بات کر رہا ہوں _____ اور مہدی کی زندگی میں، یہ clash ہی نہیں ہوا کہ فتویٰ دیا ہو، ملت نے، کہ جہاد کی شرائط پوری ہوگئیں، اور بزرگان دین جہاد کے لئے میدان میں چلے گئے، اور جماعت احمدیہ پیچھے رہ گئی۔ اب یہ تو تاریخ بن گئی ناں۔ ۱۹۰۸ء میں بانی سلسلہ احمدیہ کا وصال ہو گیا۔ آپ کے دعویٰ سے لیکر آپ کے وصال تک احادیث کے مطابق امن کا زمانہ تھا، نہ کہ جنگ کا، اور جہاد کبیر کا زمانہ تھا، نہ کہ جہاد صغیر کا۔ اور اس کی طرف میں نے ابھی ایک حوالہ پڑھا۔ دس پندرہ حوالے ہونگے جو روشنی ڈالتے ہیں۔ اور اس عرصے میں _____ ایک پوائنٹ ہے میرا۔ محدود کر دیا ناں میں نے زمانہ _____ دعویٰ سے لیکر آپ کے وصال تک ہندوستان کے علماء نے یہ فتویٰ دیا ہی نہیں کہ جہاد کا زمانہ ہے، اور نہ ہندوستان میں علماء کے گروہ دوسروں کے ساتھ مل کر جہاد کے میدان میں نکلے، بلکہ سب نے امن کا زمانہ کہا، امن کا زمانہ کہا۔

اور جہاں تک انگلستان کی سلطنت کا سوال ہے، آپ کو الہام بتایا گیا کہ ۸ سال کے بعد _____ ۸ سال تک ان کا رعب ہے اس کے بعد یہ سلطنت برطانیہ پر زوال آ جائے گا، زوال شروع ہو جائے گا۔ اور اس زوال کی ابتداء ملکہ وکٹوریا کے مرنے کے ساتھ ہوئی ہے۔ یعنی وہ آٹھ سال پورے ہو گئے ہیں، الہام کے مطابق اور اس کے بعد سے آج تک وہ کہاں ہے، وہ برٹش ایمپائر، جس کے اوپر سورج کبھی غروب نہیں ہوتا تھا؟ آج وہ برٹش ایمپائر ہے جو سورج کی کرنوں کو ڈھونڈنے کے لئے دنیا میں پھر رہے ہیں۔

تو میرا مطلب یہ ہے کہ دعویٰ سے لے کر آپ کی وفات تک علماء نے کہا بھی ہندوستان میں جہاد کا فتویٰ نہیں دیا، نہ علماء صاحبان _____ جس طرح ہمارے پرانے بزرگ میدان جہاد میں جایا کرتے تھے _____ لڑنے کے لئے اکھٹے ہو کر لڑائی کے لئے گئے۔

اس کے بعد کا زمانہ ایک آتا ہے____ میں آگے چلتا ہوں____ کیونکہ وہ بھی شاہد ممکن ہے، پرانے سوال ہیں ہمارے اوپر ہوئے ہوئے کوئی پچاس سال سے چلا آ رہا ہے، کوئی تیس سال سے۔ بہر حال جنگ ہوئی۔ اس جنگ کو، ہمارے نزدیک، یہ جو جنگ لڑی گئی، یہ دنیا کی جنگ تھی، مسلمانوں کی حکومتوں کی جنگ نہیں تھی، لیکن مسلمان کروڑوں کی تعداد میں اس سے متاثر ہو گئے۔

اس وقت ایک چیز ہمارے سامنے آئی اور وہ یہ تھی کہ ہمارے خلیفہ المسلمین____ یعنی یہ درست ہے، آج میں مانتا ہوں کہ چونکہ، ہمارے نزدیک، مہدی آگئے تھے، اس واسطے ''خلیفہ المسلمین'' ہم ان کو نہیں سمجھتے لیکن جماعت احمدیہ، جس کی تعداد اس وقت بڑی تھوڑی تھی، اس کے علاوہ تمام دنیا کے مسلمان خلافت عثمانیہ ترکیہ کو ''خلیفہ المسلمین'' ان کو کہتے تھے، اور وہ خلافت کے تھے____ اور ہمارے خود ہندوستان میں خلافت موومنٹ چلی اس جنگ میں وہ ملوث ہو گئے۔ اس لئے انہوں نے، Allies کے خلاف جو محاذ تھا، اس کا ساتھ دیا۔

اس وقت ساری دنیا کا پریشر شریف مکہ پر بڑا کہ خلیفہ المسلمین انگریزوں سے برسرپیکار ہے اور اس کو تم جہاد____ "Holy War" اس کا ترجمہ یہ کیا جاتا ہے، پتہ نہیں درست یا غلط____ بہرحال مجھے جہاد سے تعلق ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ اس کو جہاد قرار دو، Holy war قرار دو۔ شریف مکہ____ اس وقت First world war کی میں بات کرتا ہوں____ وہ ان کے لئے dilemma تھا۔ اگر وہ اسے جہاد قرار دے، Holy war قرار دے، تو انگریز جس سے وہ پیسے بھی لے رہے تھے اور بندوقیں اور ایمونیشن بھی لے رہے تھے اپنی حکومت کو قائم کرنے کے لئے، وہ ناراض ہوتا تھا اور ان کے پیسے بھی بند ہوتے تھے اور وظیفہ بھی بند ہوتا تھا اور بندوقوں کی سپلائی بھی بند ہوتی



تھی۔ اور اگر وہ اسے جہاد قرار نہ دیں تو سارے دنیا کے مسلمان ناراض ہوتے تھے۔ بڑا پریشر پڑا ہوا تھا۔

میں نے بتایا کہ یہاں بھی ایک خلافت موومنٹ چلی، چنانچہ انہوں نے اس وقت یہ dilemma دیکھ کے ابن سعود کے پاس اپنا ایک معتمد بھیجا____ یہ تاریخ کا ایک ورق ہے ثبوت کتابیں ہیں ہمارے پاس____ اور ابن سعود، جو بھی ان کے خاندان کے تھے اس وقت نجد کے حاکم____ یہ تو جہاد کے ہیں، وہ نجد کے تھے____ ان کو، معتمد کو کہا: ''صاف بات کرو جا کے۔ اگر میں اسے جہاد قرار دیتا ہوں خلیفہ المسلمین کی جنگ ہے، درست ہے____ تو میرے جیسے بھی مارے جاتے ہیں اور میری سپلائی آرمز کی جو ہے وہ بھی بند ہوتی ہے۔ اور اگر میں جہاد قرار نہیں دیتا تو مسلمان میرے پیچھے پڑ جائیں گے، حج کے اوپر میرے تکے بوٹی کریں گے، وغیرہ، وغیرہ میں بڑی پریشانی میں ہوں۔ تم بتاؤ کیا مشورہ ہے؟''

ابن سعود کا خاندان اس وقت انگریز کے پیسے، بھی لے رہا تھا اور بندوق بھی لے رہا تھا۔ جس dilemma اور مصیبت میں یہ تھے اسی dilemma اور مصیبت میں ابن سعود کا خاندان نجد میں تھا۔ چنانچہ انہوں نے اس معتمد سے مشورہ کر کے شریف مکہ کو پیغام بھیجا کہ ''تم اسے جہاد بالکل نہ قرار دینا اور میں تمہارے ساتھ ہوں'' اور اس وقت انہوں نے یہ فتویٰ جہاد کے خلاف اس جنگ میں اس وجہ سے دیا کہ____ تاریخ یہ ریکارڈ کرتی ہے____ کہ نجد کی، ابن سعود کے خاندان کی ٹوٹل انکم، کل آمدن حکومت کی ایک لاکھ پونڈ سٹرلنگ تھا، اور انگریز نے ان کو ماہانہ دیا، پانچ ہزار، اور ساٹھ ہزار پونڈ سٹرلنگ، In goldcoins یہ ان کو دیا، جس کا مطلب ہے کہ ان کی ٹوٹل آمدن کا ساٹھ فیصد، اور تین برین گنیں____ چھوٹی سی ان کی فوج تھی____ اور تین ہزار بندوقیں۔ ایک وقت

وہ کتابوں میں اس کا ذکر آیا ہے۔ تو اس وقت یہ جنگ چونکہ تھی نہیں، میرا مطلب ہے کہ دنیا کی جنگ تھی، کئی ہم پر یہ اعتراض کر دیتے ہیں کہ اسے جہاد کیوں نہیں قرار دیا، حالانکہ بعض مسلمان کے سے انگریز کے خلاف لڑ رہے تھے۔

وہ تو صاف ظاہر ہے کہ وہ دنیا کی ایک جنگ تھی، مسلمانوں کا ایک طبقہ، ایک گروہ، ایک حصہ انگریز کے ساتھ مل کر دوسروں کے ساتھ لڑ رہا تھا، اور ایک حصہ دوسروں کے ساتھ مل کر انگریزوں کے ساتھ لڑ رہا تھا۔ یہ ہمارے ہندوستان سے ہزاروں کی تعداد میں تو باہر نہیں ہوں، شاید لاکھوں کی تعداد میں فوج گئی ہو وہاں۔ اور اس کے اوپر یہ ایک چھوٹا سا...... یہ جو میں نے باتیں کی ہیں، ان کے حوالے میرے پاس ہیں۔ اور جو ان کا ایک افسر______ نجد کا تعلق تھا وائسرائے انڈیا کے ساتھ اس وقت______ ایس اے ہاکن، یہ ان کا ایک خط ہے، اس کی فوٹو سٹیٹ کاپی ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: مرزا صاحب! بات یہ ہے کہ میں نہیں سمجھتا کہ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ جہاد نہیں تھا وہ لڑائی تھی، یا وہ جہاد تھا اور انہوں نے رشوت لی اور کہہ دیا کہ جہاد نہیں ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہمارے نزدیک تو جہاد نہیں تھا۔

جناب یحیٰ بختیار: آپ کے نزدیک نہیں تھا تو پھر سوال ہی نہیں آتا ان چیزوں کا۔

مرزا ناصر احمد: اچھا جی، ٹھیک ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: دیکھیں ناں جی، کیونکہ دو پوائنٹس آف ویو ہیں۔ ایک کہتا ہے کہ جہاد نہیں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہم پر یہ اعتراض کر دیتے ہیں، اس لئے میں سمجھتا تھا کہ شاید ہے۔ لیکن اگر نہیں تو ٹھیک پھر میں معافی مانگ لیتا ہوں۔ میں نے وقت ضائع کیا ہے ہاؤس کا۔



جناب یحیٰ بختیار: نہیں وہ آپ...... میں تو صرف یہ سوال جو میرے سامنے ہیں کہ جہاد۔ آپ نے فرمایا ہے کہ آپ کا عقیدہ یہ ہے کہ جب وہ شرائط موجود ہوں تو فرض، ورنہ وہ جائز نہیں تو دوسرا یہ مسئلہ سامنے آ جاتا ہے کہ مسیح موعود کے زمانے میں، جب وہ واپس آئیں گے تو یہ:

''حدیثوں میں لکھا گیا ہے کہ جب مسیح آئے گا تو دین کی وجہ سے لڑنا حرام کیا جائے گا''۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد:

(عربی)

جناب یحیٰ بختیار:

''......آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا۔''

اس کا تو شرائط سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس کا شرائط سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ آپ سمجھتے ہیں کیونکہ مسیح آ چکا ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: دیکھیں ناں، حدیث چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔۔۔۔

جناب یحیٰ بختیار: نہیں جی، وہی میں کہہ رہا ہوں ناں جی،

مرزا ناصر احمد: نہیں، میرا مطلب یہ ہے کہ اس حدیث کے سوائے یہ معنی، اس معنی کے اور کوئی معنی ہو ہی نہیں سکتے کہ مسیح کے زمانے میں ایک عرصے تک جہاد کی شرائط پوری نہیں ہوں گی۔

جناب یحیٰ بختیار: یعنی وہ حرام ہو گیا، اس وجہ سے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحیٰ بختیار: ...... کہ مسیح آ گئے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، حدیث میں ہے کہ مسیح کے آنے پر، یعنی اس زمانے میں، شرائط جہاد پوری نہیں ہونگی۔ اور جو شرائط جہاد پوری نہ ہوئے باوجود ''جہاد'' کہہ کے لڑنا ہے وہ غلط ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیں ناں جی، یہاں مرزا صاحب، جو مہدی اپنے آپ کو کہتے تھے، وہ کہتے ہیں کہ وہ آ گیا ہے۔ اسی زمانے میں، اسی وقت ایک مہدی سوڈان میں بھی آیا اور اس نے کہا کہ جہاد ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ اس زمانے میں کسی نے نہیں کیا۔ ہندوستان میں نہیں کیا ہوگا۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: کیا چیز؟

جناب یحییٰ بختیار: ہندوستان میں بھی، آپ کہتے ہیں۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: کہاں آئے مہدی؟ سوڈان میں؟

جناب یحییٰ بختیار: سوڈان میں۔

مرزا ناصر احمد: سوڈان میں۔ مہدی سوڈانی کا زمانہ اور مسیح موعود کا زمانہ بالکل مختلف ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ ان کی جو actual لڑائی تھی وہ کچھ بعد ہوتی ہے، مگر جو زمانہ وہ ہے وہ contemporary ہے۔

مرزا ناصر احمد: کچھ حصہ، بالکل اوپر کا۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی تھوڑا ہی سہی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، بات یہ ہے کہ یہاں بات بانیٔ سلسلہ کی یا مہدی سوڈانی کی نہیں۔۔۔۔



جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ نہیں کہہ رہا۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... یہاں بات ہے حدیث شریف کی۔۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، حدیث شریف میں تو یہ ہے کہ مہدی آئیں گے، مسیح موعود آئیں گے، تو اس کے بعد حرام ہے۔ کوئی conditions کا سوال پیدا نہیں ہوتا کہ شرائط ہیں کہ نہیں۔ اس سے میں یہ مطلب سمجھا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، حدیث میں یہ ہے کہ شریعت محمدیہ کا ایک حکم اس وقت سے قیامت تک منسوخ رہے گا؟ میں نہیں سمجھتا۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاں جو میں سمجھا ہوں اس سے کہ...... اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ مرزا صاحب کی جب تک زندگی تھی، اس میں، کے لئے حرام ہو گیا، تب تو میں اس پر سمجھ سکتا ہوں کہ وہ آ گئے ہیں، وفات پا چکے ہیں، اس واسطے پھر جاری ہو گیا۔ یا یہ ہے کہ جب وہ آ گئے، اس کے بعد ہمیشہ کے لئے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ''ہمیشہ کے لئے'' نہیں کہتے بالکل۔ حضرت بانیء سلسلہ عالیہ احمدیہ کے حوالے ہیں۔ ابھی میں نے ایک حوالہ پڑھا ہے۔ میں نے تو explain کر دیا پورا۔ میں نے اپنی طرف سے جواب دے دیا ہے، بس۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ: ''جب مسیح آئے گا تو جہادی لڑائیوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ تو مسیح آ چکا اور یہ ہے جو تم سے بول رہا ہے۔''

ایک سوال مجھ سے یہاں پوچھا گیا کہ: کیا مرزا صاحب کے آتے ہی شرائط جہاد ختم ہو گئی ہیں؟

مرزا ناصر احمد: Dead line تو میں نہیں بتا سکتا، لیکن آپ کے زمانے میں شرائط نہیں تھیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ، میں، کہتا ہوں، تھیں۔

مرزا ناصر احمد: ویسے، یہ دیکھیں ناں، ایک اور حوالہ بھی ہے کہ جب تک یہ شرائط رہیں اس وقت تک بند رہے گا، اور جب تک کہ خدا تعالیٰ کوئی دوسری صورت دنیا میں ظاہر کر دے اور پھر جہاد جو ہے وہ ہو جائے گا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ آپ نے فرمایا میں نے وہ، وہ ''محضر نامہ'' میں ہے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جی۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، نہیں، میں کہتا ہوں، وہ ''محضر نامہ'' میں یہ نہیں ہے جو میں آپ کو پڑھ کر سنا رہا تھا، اس لئے کیونکہ اس کی clarification ضروری ہو جاتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: اس لئے کہ تو وہ سارے ہم نے حوالے دیئے تو۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ جو ہے، مجھے بتایا گیا ہے کہ یہ پوچھوں آپ سے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، وہ ٹھیک ہے، پوچھیں آپ۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر مجھ سے جی، دو سوال اور پوچھے گئے ہیں کہ: کیا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی نے ہندوستان کو دارالحرب نہیں قرار دیا تھا؟

ایک اور سوال ہے، ساتھ ہی:

جس جہاد کو انگریزوں نے Wahabi Revolt کیا ہے، اس میں علماء شریک تھے یا نہیں؟

مرزا ناصر احمد: یہ کیا ہے؟ یہ تاریخی ہے؟ بڑا دلچسپ سوال: جس جہاد کو۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... انگریزوں نے Wahabi Revolt ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: کِس زمانے کے متعلق بات ہے یہ؟



Wahabis were fighting against Turks all the time with money and........

جناب یحییٰ بختیار: کہتے ہیں کہ 1864ء

مرزا ناصر احمد: ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: 1864ء۔ کہتے ہیں کہ اس زمانے کی بات ہے یہ، آخر تک چلتا رہا ہے یہ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یعنی اس کے بعد سے لے کر؟

جناب یحییٰ بختیار: وہی جو آپ کہتے ہیں ناں کہ انہوں نے رشوت لی تھی۔

مرزا ناصر احمد: وہ یہ پڑے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ جہاد نہیں تھا، وہ رشوت لے لی تھی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس زمانے کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد بعض دفعہ ہم یہ بھی اعتراض کر دیتے ہیں۔ لیکن یہ ہمارے، سعودی خاندان جو ہے، وہ ان کی جو سیاست تھی، وہ مختلف ادوار میں سے گزر رہی تھی۔ ان پر میں اعتراض نہیں کر رہا۔ ہمارے نزدیک تو وہ جہاد ہی نہیں تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ کہتے ہیں کہ انڈیا کی جنگ کو انگریزوں نے ''Wahabi Revolt'' کہا تھا۔ وہ میں ان سے clarify کر کے پھر آپ سے پوچھوں گا۔ جب تک پوزیشن clear نہ ہو۔۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: 'No, no, انڈیا کی جنگ میں تو ابن سعود ان کا ساتھ دے رہا تھا، یعنی یہ آخری جو فرسٹ ورلڈ وار میں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اس سے پہلے کہ بات کریں جی، فرسٹ ورلڈ وار کی بات نہیں کر رہے۔

مرزا ناصر احمد: اچھا! فرسٹ ورلڈ وار سے پہلے کی بات ہے۔ کس زمانے کی بات ہے؟ میں نے یہی کہا تھا کہ پیریڈ۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ میں verify کروں گا ڈیٹس وغیرہ، تا کہ اس میں پھر بعد میں ذرا شک پیدا نہ ہو۔

**Mr. Chairman :** There were two questions : one has been answered, the other has been deferred. And first reply has come. The Attorney-General put two supplementaries what was the other?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** The other question was:

''شاہ عبدالعزیز دہلوی صاحب نے ہندوستان کو دارالحرب نہیں قرار دیا تھا''؟

مرزا ناصر احمد: نہیں یہ تو کوئی حوالہ ہو تب ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر آپ کہتے ہیں کہ نہیں کہا تھا یا آپ کو نہیں معلوم۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ...... تو پھر وہ مبہم رہ جائے گا۔ ہمیں بتایا جائے کہ شاہ عبدالعزیز صاحب نے اس کو قرار دیا تھا یا نہیں دیا تھا، تو تب پھر میں جواب دے سکتا ہوں۔ لیکن یہ کہ: ''کیا فلاں شخص نے یہ کہا تھا یا نہیں کہا تھا؟'' یہ سوال تو نہیں ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں ایسے سمجھ لیجئے کہ: ''شاہ عبدالعزیز صاحب نے ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا تھا یا نہیں؟''

مرزا ناصر احمد: اس کا حوالہ کیا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: کوئی بھی نہیں۔ میں اس واسطے کہہ رہا ہوں کہ میں نے ان کے حوالے بند کرا دیئے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: بس ٹھیک ہے۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ......آپ سے سوال پوچھتے ہیں، آپ کہیں کہ ''مجھے علم نہیں ہے اس کا'' یا ''کہا تھا'' یا ''نہیں تھا کہا''



مرزا ناصر احمد: میں کہتا ہوں کہ یہ اس قسم کا سوال ہے جس کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ کس وقت، مسٹر چیئرمین صاحب! ختم ہو گا؟

جناب چیئرمین: سوا دس کر دیں گے۔

مرزا ناصر احمد: سوا دس بجے؟

**Mr. Chairman:** Only about 7 minutes.

مرزا ناصر احمد: ہاں، اچھا۔

جناب یحییٰ بختیار: ایک اور سوال ہے جی، حوالہ میں پڑھ کے دیتا ہوں میں آپ کو، کہ:

''جہاد یعنی دینی لڑائیوں کی شدت کو خدا تعالیٰ آہستہ آہستہ کم کرتا گیا ہے۔ حضرت موسیٰ کے وقت میں اس قدر شدت تھی کہ ایمان لانا بھی قتل سے بچا نہیں سکتا تھا اور شیر خوار بچے بھی قتل کیئے جاتے تھے۔ پھر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں بچوں اور بوڑھوں اور عورتوں کا قتل کرنا حرام کیا گیا۔ پھر بعض قوموں کے لئے بجائے ایمان کے صرف جذیہ دے کے مواخذہ سے نجات پانا قبول کیا گیا۔ اور پھر مسیح موعود کے وقت میں قطعاً جہاد کا حکم موقوف کر دیا گیا''۔

مرزا ناصر احمد: یعنی اس کا جواب میں دے دوں ابھی؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: یہاں ''منسوخ'' معنی ''التواء'' کے ہے، جیسا کہ دوسرے حوالوں سے ثابت ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے، بس وہ کافی ہے ــــــ ’’قطعاً موقوف‘‘ کا مطلب ہے ’’ملتوی‘‘۔

مرزا ناصر احمد: ’’موقوف‘‘ کا مطلب ہی ’’ملتوی‘‘ ہے۔ میں سمجھا تھا ’’منسوخ‘‘ ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، ــــــ

مرزا ناصر احمد: ’’موقوف‘‘ ــــــ ایک وقفے تک کے لئے پیچھے ڈال دیا گیا۔

مرزا ناصر احمد: جی، میں پڑھتا ہوں، تا کہ پھر نہ ہو وہ:

’’مسیح موعود کے وقت قطعاً جہاد کا حکم موقوف کر دیا گیا۔‘‘

مرزا ناصر احمد: ہاں ’’موقوف کر دیا گیا‘‘ ــــــ ’’موقوف‘‘ کے معنی ہی التواء کے ہیں، وقفہ ڈالنے کے۔

جناب یحییٰ بختیار: ابھی آگے ہے جی:

’’آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا ہے خدا کے حکم کے ساتھ بند کیا گیا۔‘‘ موقوف‘‘ نہیں، لفظ ’’بند‘‘ ہے ــــــ ’’بند کیا گیا‘‘ ہے۔

مرزا ناصر احمد: شاید شرائط نہ ہونے کی وجہ سے بند ہو گیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں پڑھ کے سنا دیتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، سنا دیجئے، سنا دیجئے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! یہ تو آپ ......میں جانتا ہوں جو وہ کہیں گے جواب میں (ہنسی)

’’آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا ہے خدا کے حکم سے بند کیا گیا۔‘‘

مرزا ناصر احمد: یہ فقرہ میں نے سنا نہیں ’’آج سے انسانی جہاد‘‘؟

جناب یحییٰ بختیار: ’’انسانی جہاد‘‘



مرزا ناصر احمد: ’’انسانی‘‘؟

جناب یحییٰ بختیار: ممکن ہے کوئی غلطی ہو پرنٹ کی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ دیکھ لیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار:

’’آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا ہے۔۔۔۔‘‘

وہ پرنٹ آپ دیکھ لیں جی، شاید یہ ٹھیک نہ ہو۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ دیکھ لیں گے، شاہد یہی ہو گا۔ ویسے ’’بند کیا گیا‘‘ اصل لفظ ہے ناں؟

جناب یحییٰ بختیار:

’’......خدا کے حکم کے ساتھ بند کیا گیا۔ اب اس کے بعد جو شخص کافر پر تلوار اٹھاتا اور اپنا نام غازی رکھتا ہے وہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرتا ہے۔ جس نے آج سے تیرہ سو برس پہلے فرمایا ہے کہ مسیح موعود کے آنے پر تمام تلوار کے جہاد ختم ہو جائیں گے۔ تو اب میرے ظہور کے بعد تلوار کا کوئی جہاد نہیں ہے۔ ہماری طرف سے امن اور صلح کاری کا سفید جھنڈا بلند کیا گیا ہے۔‘‘

مرزا ناصر احمد: ’’میرا حکم نہیں، میری نافرمانی نہیں، آنحضرات صلعم کی ہے‘‘ ــــــ یہ وہی ’’ملتوی‘‘ کا ہے جی۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ نہیں، یہاں ’’بند کیا گیا‘‘ ہے، اس واسطے میں کہہ رہا ہوں۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، اس کو، میرا مطلب یہی ہے، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے مطابق۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ جب مسیح آئیں گے تو بالکل ختم ہو جائیگا جہاد؟

مرزا ناصر احمد: جب مسیح آئیں گے تو جہاد کی شرائط نہیں ہوں گی موجود۔ اور جب شرائط ہو جائیں گی تو وہی مہدی کہے گا کہ جب شرائط پوری ہو جائیں، جہاد کرو، ہر مومن کا فرض ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر وہاں ''تحفہ گولڑویہ'' میں بھی یہی ہے صفحہ____ 30 کہ:

''بس آج سے دین کے لئے لڑنا مسلمانوں کے لئے حرام ہے۔''

مرزا ناصر احمد: ''آج سے''

جناب یحییٰ بختیار: میں اس واسطے درجہ بدرجہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ ''ملتوی ہوگیا'' پھر ''قطعاً موقوف ہوگیا'' پھر ''بند ہوگیا'' پھر ''حرام ہوگیا'' اور آپ کہتے ہیں کہ سب کا مطلب ''ملتوی'' ہے۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جو جہاد کی شرائط...... جب جہاد کی شرائط نہ ہوں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... یہاں ''آج سے'' کہہ رہے ہیں!

مرزا ناصر احمد: نہیں، ہاں، ہاں، جہاد کی شرائط کے فقدان کے وقت جہاد حرام ہے، ہمیشہ کے لئے، نہیں ہمیشہ کے لئے جہاد کی شرائط کے فقدان کے وقت جہاد حرام ہے ہمیشہ کے لئے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! وہ تو ایسی established پوزیشن ہے۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: وہی ہے ہماری پوزیشن۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ آنحضرتؐ کے زمانے میں بھی اگر شرائط نہ ہوں تو نہیں۔۔۔۔



مرزا ناصر احمد: بالکل، اس واسطے کہ حدیث نے یہ کہا۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ......مگر مسیح موعود کی وجہ سے تو کچھ اور change بھی آ گیا ہے ناں، کہ وہ آ گیا تو جیسے وہ ہو گیا، یہ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ابھی میں وضاحت کر دیتا ہوں____ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں حکم یہی تھا کہ جہاد کی شرائط ہوں تو جہاد کیا جائے۔ اور آنحضرت صلعم کے زمانے میں جہاد کی شرائط تھیں اور جہاد کیا گیا۔ اور مہدی کے زمانے میں بھی وہی حکم ہے کہ جہاد کی شرائط ہوں تو جہاد کیا جائے۔ جہاد کی شرائط نہیں تھیں اس لئے جہاد جو تھا وہ اس وقت تک کہ جہاد کی شرائط پوری ہوں، حرام ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی میں، جو مدنی زندگی سے زیادہ لمبی ہے، جہاد کی شرائط نہیں تھیں اور جہاد نہیں کیا گیا____ 13 سال تک۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر تو پوائنٹ بڑا clear ہو جاتا ہے ناں جی۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ جہاد شرائط سے ہے، مسیح کے آنے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

مرزا ناصر احمد: مسیح کے آنے سے صرف اتنا تعلق ہے کہ پیشگوئی کی گئی تھی، احادیث میں، کہ اس کے زمانے میں شرائط جہاد نہیں ہوں گی۔ صرف اتنا تعق ہے، اور نہیں۔ جہاں تک کہ فی ذاتہ جہاد کا مسئلہ ہے، اس کا مسیح کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی جب ان کی زندگی ختم ہو جائیگی اس کے بعد پھر شروع ہو جائیگا سلسلہ؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، فوراً نہیں۔۔۔۔۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں؟

مرزا ناصر احمد: ۔۔۔۔۔یہ کہا گیا تھا ____ نہیں، ابھی سمجھ جائیں گے آپ ____ یہ کہا گیا تھا کہ مسیح کی زندگی میں، مہدی کی زندگی میں جہاد کی شرائط پوری نہیں ہوں گی۔ اور یہ نہیں کہا گیا کہ مسیح کی وفات کے ساتھ ہی جہاد کی شرائط پوری ہو جائیں گی۔ ایک معین وقت کے لئے ایک معین خبر دی گئی ہے۔ اس کے بعد یہ ہے کہ دس سال کے بعد یا پچاس سال کے بعد، جب بھی جہاد کی شرائط پوری ہوں، ہر مومن کے لئے جہاد فرض ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مسیح کے آنے کے بعد تو مرزا صاحب! اس کے بعد تو پھر یہ جہاد کی شرائط نہیں ہوں گی، یا جہاد ختم ہو جائیگا، کیونکہ اس کے بعد تو پھر جھگڑوں کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، پھر تو قیامت اور جو بھی ہوگا، کہ زندگی پھر جاری رہے گی؟

مرزا ناصر احمد: مسیح کی زندگی کے ساتھ قیامت نہیں آئی، مسیح کی زندگی ختم ہونے پر قیامت نہیں آئی، بلکہ اس پر اس وقت گزر چکے ہیں 66 سال۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ مسیح موعود کا آنا ہے، مہدی آخرالزمان جس کو کہتے ہیں، مطلب تو آخری زمانہ ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، آخری زمانہ۔

جناب یحییٰ بختیار: تو آخری زمانے میں سے ہم گزر رہے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں جی۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کے بعد تو پھر جنگ کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ نہ جھگڑا ہوگا۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: کیوں؟

جناب یحییٰ بختیار: امن آ گیا، شرط ہی کوئی نہیں ہو گی جہاد کی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، اس کے بعد ہو سکتا ہے کہ شرائط پوری ہو جائیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ان کی وفات کے بعد پھر ہو سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: وفات کے بعد ہو سکتا ہے شرائط پوری ہو جائیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں میں یہی پوچھنا چاہتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، پھر یہ ابھی حوالہ میں نے پڑھا ہے آپ نے فرمایا ہے کہ ہر مومن کا فرض ہوگا کہ جہاد کرے۔

**Mr. Chairman:** Now we take it to tomorrow or now.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Allright, Sir. There are three, four more questions.

**Mr. Chairman:** Yes, tomorrow.

---

The Delegation is permitted to leave; tomorrow at 10.00 a.m.

---

The honourable members may please keep sitting، ۱۰ بجے صبح جی، صبح دس بجے، صبح دس بجے۔

*(The Delegation left the Chamber.)*

**Mr. Chairman:** Any member who would like to say some thing?

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: Yes ''التواء'' ہو جائے۔

جناب چیئرمین: جی؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اب ''التواء'' ہو جائے۔

جناب چیئرمین : ''التواء''؟.........On one condition only

پروفیسر غفور احمد : صاحب! دس کا مطلب کیا ہوا؟

**Mr. Chairman:** ........On one condition.............

جی، کل صبح ساڑھے نو پہلی bell شروع ہو جائے گی، اور دس بجے آپ تشریف لے آئیں۔

آدھا گھنٹہ تقریر کر لیں تو----- On one condition, otherwise

Tomorrow, sharp at 10.00 a.m.

Thank you very much.

---

*The Special Committee adjourned to meet at ten of the clock, in the morning on Thursday, the 22nd August, 1974.*

---

PCPPI-1096(10)NA-15-2-2011-450.